تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ھی ھے جو عقل شعور اور ھمت عطا کرتا ھے (حدیث)

ABC CERTIFIED کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ فون نمبر: 2834643 فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ

بانی زمرد حسین (مرحوم)

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 26 | جمعہ 23 اکتوبر 2026ء | 11 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 08

ٹیلی میڈیسن سروس کا آغاز صحت کی بہتر سہولیات کی جانب اہم پیشرفت ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں ٹیلی میڈیسن ہیلتھ یونٹس فعال، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا مرکزی ٹیلی میڈیسن ڈیسک پر طبی ماہرین سے اچانک رابطہ، سروس کی کارکردگی اور فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا

جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے طبی مشاورت کو عوام کے لیے زیادہ قابل رسائی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ جغرافیائی فاصلے معیاری طبی رہنمائی کے حصول میں رکاوٹ نہ بنیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں صحت کی سہولیات کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے ٹیلی میڈیسن ہیلتھ یونٹس نے کام شروع کر دیا ہے، جس کے ساتھ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شہریوں کو طبی مشاورت اور معاونت کی فراہمی کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ٹیلی میڈیسن سروس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرکزی ڈیسک پر تعینات طبی ماہرین سے اچانک رابطہ کیا اور سروس

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ ناکام، 3 دہشتگرد ہلاک

حملے کی کوشش کے پیش نظر گوادر شاہراہ کے قریب واقع ایک ہوٹل میں موجود دہشتگردوں کیخلاف بھی آپریشن جاری ہے

گوادر جی او سی (GOC) خود اس تمام آپریشن کو لیڈ کر رہے ہیں، سیکیورٹی فورسز نے تمام دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گوادر میں فتنہ الہندوستان کی جانب سے تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر حملہ کرنے کی بزدلانہ کوشش کو سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ کامیاب جوابی کارروائی کے دوران فورسز نے 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا ہے، جبکہ مزید 3 دہشت گردوں کو بھی سیکیورٹی فورسز نے گھیرے میں

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم کی کے پی کو انسداد دہشتگردی کیلئے تعاون کی پیشکش

ہمارے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، وزیر اعظم

پشاور (این این آئی) شہباز شریف کی زیر صدارت پشاور میں ایپکس کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے خلاف پاکستان اور یورپی یونین کا مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اسلام

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لاہور، صدر آصف علی زرداری پاک سعودی ریئل اسٹیٹ ایکسپو کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عالمی بینک کی پاکستان میں مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے کی پیشگوئی

عالمی بینک کے مطابق پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر ہوئی، پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے

رپورٹ کے مطابق اگست 2026 تک شہری اور دیہی علاقوں میں مہنگائی بڑھانے میں غذائی اشیا کا سب سے بڑا حصہ رہا

نیویارک (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کی ترقیاتی صورتحال سے متعلق سال 2026 کی اقتصادی رپورٹ جاری کر دی جس میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 2025-26 میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.7 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ عالمی بینک کے مطابق ایس اینڈ پی اور موڈیز نے پاکستان کی قرضوں کی درجہ بندی بہتر کی ہے جبکہ پاکستان نے عالمی منڈی میں 750 ملین ڈالر اور 3 ارب ڈالر

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا میں امن کا قیام اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

وفاقی حکومت عسکری قیادت کے ساتھ مل کر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی، امن اور ترقی کا دور واپس لا کر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، شہباز شریف

خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرومیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا

پشاور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وفاقی حکومت، عسکری قیادت کے ساتھ مل کر خیبر پختونخوا کے عوام کے مسائل حل کرے گی، امن اور ترقی کا دور واپس لا کر صوبہ کے عوام کی خوشحالی کے خوابوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرومیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



پشاور، وزیر اعظم محمد شہباز شریف ترقیاتی کونسل کے اجلاس کے موقع پر عمائدین سے مصافحہ کر رہے ہیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کی آمدن کا اہم ذریعہ ہے، شعیب نوشیروانی

صوبائی محصولات میں اضافہ سے صوبے کے ہر شعبے پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور ترقی کا سفر مزید تیز ہوتے ہیں

ٹیکس نظام میں شفافیت اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے، صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے

گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مہنگی ایل این جی سے بچنے کی کوشش، قطر سے پاکستان کو بڑی سپلائی مل گئی

اکتوبر کے دوران اب تک قطر سے ایل این جی کے دو کارگوز پاکستان پہنچ چکے ہیں، ملک کے گیس سسٹم کو فراہمی شروع ہو گئی، وزارت توانائی

حکام کی کوشش ہے کہ اضافی ضرورت کے لیے عالمی اسپاٹ مارکیٹ سے مہنگی گیس خریدنے سے حتی الامکان گریز کیا جائے تاکہ قومی خزانے پر مالی بوجھ کم رکھا جائے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو قطر سے اکتوبر کا دوسرا ایل این جی کارگو موصول ہو گیا جس سے ملک

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع، تمام مقدمات کا ریکارڈ طلب

سپریم کورٹ نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے جمشید

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم شہباز شریف و حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات (آج) متوقع

پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت سے مذاکراتی ٹیم کا اجلاس طے ہو گیا، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نوشہرہ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن

اسلام آباد (این این آئی) گورنر راج کے بعد

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہم ہر سال نیوزی لینڈ سے بڑی آبادی پیدا کرتے ہیں، مصطفیٰ کمال

بڑھتی ہوئی آبادی وسائل، سے میل نہیں کھاتی ہر سال 6.7 ملین بچے ہر سال پیدا ہو رہے ہیں

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

یوکرین کے ڈرون کیوں گرنے لگے؟

ماسکو (این این آئی) روس کے خلاف کارروائیں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مالی وسائل تک بہتر رسائی سے ایس ایم ایز کاروبار کو وسعت دے سکیں گے

ہارون اختر کی کاروباری کلسٹرز کے ساتھ مالی سہولتوں تک رسائی کے حوالے مشاورتی نشست

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ملک چلانے والوں کو احساس ہو چکا ہے کہ موجودہ نظام موثر نہیں رہا، مصطفیٰ کمال

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک چلانے والوں کو احساس و

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت سے متعلق نئی ہدایات جاری

90 روز میں تفصیلات جمع کرانے کا حکم، سفری دستاویزات سے متعلق معلومات بھی طلب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت، سفری دستاویزات اور ان کے زیر کفالت افراد کی شہریت سے متعلق معلومات

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سردار ایاز صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز کی ملاقات

پارلیمانی سفارتکاری علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان مذہبی، ثقافتی اور اقتصادی روابط مزید مستحکم بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے ترکمانستان کے سفیر آتا جان مولاموف

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایل پی جی سلنڈر 10 ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ

حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور شروع ہو گیا

مقصد سردیوں میں گیس نرخ بڑھنے اور ذخیرہ اندوزی روکنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا جس سے قیمت 750 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، حکومت کی

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مصنوعی ذہانت انسانیت کی چوتھی بڑی تذلیل بن سکتی ہے، بھارتی سوامی

انسان کو سوچنے کی ضرورت ہے اسے دوسری مخلوقات اور مشینوں سے کیا چیز منفرد بناتی ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی سوامی سروپ پریانند نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت انسانیت کی چوتھی بڑی تذلیل کا سبب بن سکتی ہے، ماہر نفسیات سگمنڈ فرائڈ

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اماراتی سفارت کار لانا نصیبہ اقوام متحدہ کی سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار بن گئیں

نیویارک (آن لائن) اماراتی سفارت کار لانا

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سکاکوٹ، درگئی میں فریقین کے درمیان مسلح تصادم، 4 افراد جاں بحق

سکاکوٹ (این این آئی) سکاکوٹ میں درگئی میں فریقین کے درمیان مسلح تصادم میں 4 افراد جاں

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خطے میں کشیدگی کے عالمی توانائی مارکیٹ پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، صدر سعودی تیل کمپنی

ریاض (این این آئی) ریاض میں سعودی تیل کمپنی کے صدر امین الناصر نے کہا ہے کہ خطے میں کشیدگی کے باعث عالمی توانائی مارکیٹ پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ توانائی کی مارکیٹ 3 ارب بیرل تیل کی سپلائی سے محروم ہو چکی ہے۔ امین الناصر کے مطابق

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سوڈانی متنازعہ علاقے ابیئی میں ڈرون حملہ، ہلاکتیں 153 ہو گئیں

ابیئی کے قائم مقام وزیر اطلاعات نے ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کیا ہے

خرطوم (این این آئی) سوڈان اور جنوبی سوڈان کے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، محمد علی

مستقبل کو مزید مضبوط بنانے کے لیے عزم، صبر اور مسلسل محنت کی ضرورت ہے، مشیر نجکاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بیوٹمز اپنے طلباء و طالبات کو قابل فخر پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے، گورنر بلوچستان

یونیورسٹیوں کا مقصد صرف روایتی ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایسی باشعور، خود اعتماد اور ذمہ دار نسل تیار کرنا ہے جو مستقبل قریب کی قیادت سنبھال سکے

کامیابی صرف انفرادی صلاحیت کا نتیجہ نہیں بلکہ اصل کامیابی اجتماعی کوشش، باہمی احترام، مسلسل محنت اور ڈسپلن سے حاصل ہوتی ہے، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بیوٹمز یونیورسٹی سالانہ اسپورٹس فیسٹیول کا افتتاح کیا۔ بیوٹمز یونیورسٹی چھ برس کے بعد آج ایک بار پھر بیوٹمز یونیورسٹی کے کھیل کا میدان رنگوں، ولولوں اور نوجوانوں کے جوش و

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نیتن یاہو اسرائیل کے مفاد میں اقتدار چھوڑ دیں، اسرائیلی میڈیا

اسرائیلی وزیر اعظم نے لاکھوں اسرائیلیوں کو لاحاصل و خونریز فوجی جنگوں میں دھکیلا ہوا ہے، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی اخبار کے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا پہلا خلاباز چین سے خلائی سفر کیلئے تیار

یہ مشن پاکستان کیلئے سائنسی ترقی اور مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم قدم ہو سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) 25 نومبر 2026 کو پاکستان کا پہلا خلاباز چین کے خلائی مرکز سے خلا کے سفر پر روانہ ہوگا، اس اہم مشن کیلئے پاکستان کے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فرانس، رواں ماہ شاموڈا وائرس سے ایک مریض ہلاک

پیرس (این این آئی) فرانسیسی حکومت نے کہا ہے کہ رواں ماہ فرانس میں شاموڈا وائرس سے 1 مریض ہلاک ہوا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق فرانسیسی حکومت کی جانب سے کہا گیا کہ یہ پہلا موقع ہے کہ انسان میں اس وائرس کی تشخیص ہوئی ہے۔ فرانسیسی حکومت کا کہنا ہے کہ موجودہ معلومات کے مطابق عام آبادی کی صحت کو اس وائرس سے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکا خاموشی سے مشرق وسطیٰ میں تعینات فوجیوں میں کمی کر رہا ہے، میڈیا

امریکی افواج امریکی مفادات کے تحفظ کے لیے بدستور چوکس اور تیار ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا خاموشی سے مشرق وسطیٰ میں تعینات امریکی فوجیوں میں کمی کر رہا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے نے امریکی عہدیدار

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جنگ میں تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، اگلے مرحلے کیلئے بھی تیار ہیں، محسن رضائی

ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو التوا میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے، جس سے سفارتی تعطل پیدا ہوا

جنگ کے جاری رہنے سے تعلقات کی صورت حال ایران کے حق میں بدل گئی ہے، خلیجی ممالک ایران سے تعلقات پر نظر ثانی کر رہے ہیں

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ جنگ میں وسائل موجود ہیں، ہم نے ابھی اپنی تمام صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، اگلے مرحلے کے لیے بھی تیار ہیں۔ محسن رضائی نے اپنے بیان میں کہا کہ سفارت کاری کو ترجیح دیتے ہیں، جنگ چھڑتی ہے تو انٹرنیٹ کیبلز، ڈیٹا سینٹرز، مصنوعی ذہانت کی تنصیبات بھی چھڑتی ہے تو جوابی حملے جاری رکھنے کے لیے ضروری

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فیڈرل سروس ٹریبونل کا فیصلہ کالعدم، ریکروٹمنٹ رولز 2014 بحال

سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کالعدم یا ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا

ٹریبونل کو مداخلت نہیں کرنی چاہیے، جسٹس عائشہ اے ملک کا تحریری فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس ریکروٹمنٹ رولز 2014 کی بحالی کا حکم جاری کرتے ہوئے فیڈرل سروس

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

برطانوی شاہ چارلس نے حدیث نبویؐ عربی میں سنا دی

شاہ چارلس کی جانب سے عربی زبان میں حدیث پڑھنے کی ویڈیو وائرل ہو گئی

لندن (این این آئی) برطانوی شاہ چارلس سوم نے اعزاز میں منعقدہ سرکاری تقریب کے دوران ونڈسر کیسل میں سلطان عمان ہیثم بن طارق کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایف بی آر نے خالی اسامیوں سمیت تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے تمام سرکاری ملازمین کا ڈیٹا 27 اکتوبر تک طلب کر لیا ہے، جس کے ساتھ خواتین اقلیتوں اور خصوصی افراد

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آڈیٹر جنرل پاکستان ڈیجیٹل پروکیورمنٹ کی اہمیت پر زور

عوامی پیسے کو ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ خرچ کیا جائے، مقبول احمد گوندل

اسلام آباد (این این آئی) آڈیٹر جنرل پاکستان مقبول احمد گوندل نے شفافیت کو فروغ دینے اور مالی بے ضابطگیوں کی روک تھام کے لیے سرکاری

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی حکومت نے ٹائروں اور موٹر سائیکل پرزہ جات کے نئے کسٹمز کوڈز جاری کر دیے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کسٹمز نوٹیفکیشن ایس آر او 693(I)/2006 میں ترمیم کرتے ہوئے نئے پی سی ٹی کوڈز شامل کر دیے۔ وزارت خزانہ کے ریونیو ڈویژن نے ایس

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، بلال اظہر کیانی

اضلاع میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ طویل المعیاد بنیادوں پر مطلوبہ نتائج کے حصول کے لیے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی کے امیر

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل کرنے والے 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے 12 سالہ لڑکی کو بلیک میل

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

زمین کے تنازع پر 2 بیٹوں کے ہاتھوں باپ سمیت 2 افراد قتل

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد کے علاقے کوٹ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم بازئی اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کی کوششوں سے جامعہ کراچی میں 8 پوائنٹس بسیں بحال

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت طلبہ جامعہ کراچی کی کوششوں کی بدولت 8 پوائنٹس بسیں بحال ہو گئیں۔ پوائنٹس بسوں کی بحالی کے سلسلے میں طلبہ تنظیم کے زیر اہتمام افتتاحی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بیرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز پی ٹی آئی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں جبکہ ان کی اشتعال انگیز پوسٹوں کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے

جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی تب تو ان یوٹیوبرز کی عید تھی ہی لیکن آج پی ٹی آئی اقتدار میں نہیں ہے تب بھی حسب معمول ان کی جیبیں بھر رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاک امریکہ تعلقات کو نئی سمت کی ضرورت ہے، رضوان سعید

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاک امریکا دو طرفہ تعلقات کو انسداد دہشت گردی سے آگے معیشت، ٹیکنالوجی کی جانب نئی سمت دینے کی ضرورت ہے۔ پاک امریکا بزنس کنیکٹ 2026 کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تکنیکی اور کمرشل ہم آہنگی اور

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گروپ کیپٹن عاصم طارق کا قتل، ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد

ملزم کا صحت جرم سے انکار، آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان طلب کر لیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے گروپ کیپٹن عاصم طارق کے قتل کیس میں ملزم سعد عباسی پر فرد جرم عائد کر دی۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس پر سماعت کی، ملزم سعد عباسی کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا کے سابق وزرا اور ڈپٹی اسپیکر کو سرکاری رہائش گاہیں خالی کرنے کی ہدایت

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا کے سابق صوبائی

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا، سلمان اکرم

لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتہ کیا گیا، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کیلئے کوشاں ہے، قیصر احمد شیخ

پاکستان کو چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے جس نے تین دہائیوں تک مسلسل دوہرے ہندسے کی معاشی ترقی حاصل کی

سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور عالمی کاروباری روابط کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام اور ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام اور پائیدار ترقی کے لیے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہے، سرمایہ کاری معاشی بحالی کا بنیادی ذریعہ ہے جو روزگار

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام

ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کیلئے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے

ملتان (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن ملتان نے آذربائیجان کے راستے یورپ جانے کی غیر قانونی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 مسافروں کو

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان شیخ محمد بن زید النہیان کارڈیالوجی ہسپتال کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کو معیاری اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

صوبائی وزیر صحت کا ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ، مریضوں کو ادویات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار، فارمیسی اسٹاف کے اقدامات کو سراہا

صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے نگرانی کا عمل جاری رکھا جائیگا اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران مینجنگ ڈائریکٹر ٹراما سینٹر ڈاکٹر ہادی کاکڑ نے صوبائی وزیر صحت کو سینٹر کی

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حکومت کی دفاعی و سفارتی تعاون بڑھانے کی کوششیں قابل تحسین ہیں، سینیٹر عبدالقادر

بلوچستان سمیت تمام صوبوں کے باصلاحیت نوجوانوں کو ان مواقع میں حصہ دیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوست ممالک کے درمیان یہ تعاون پاکستان کی دفاعی صنعت کی ترقی، تکنیکی صلاحیتوں میں اضافے اور مشترکہ پیداوار کے نئے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی دفاعی و سفارتی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈاکٹر ربابہ بلیدی سے ڈائریکٹر جنرل پی ایس سی اے ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈی جی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ ڈاکٹر سید علی رضا شاہ اور ڈی جی نیوٹیک بلوچستان ڈاکٹر حسین بخش مگسی ملاقات کررہے ہیں

سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق دوروزہ دورے پر کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق دوروزہ دورے پر کوئٹہ پہنچ گیا ائیرپورٹ پر مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحق ہاشمی، صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نائب امرا مولانا عبدالکبیر شاکر، حافظ نورعلی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیرصدارت منعقد ہوا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت 40 منٹ کی تاخیر سے شروع ہوا تلاوت کے بعد پوائنٹ آرڈر پر مولانا ہدایت الرحمان نے سابق صوبائی وزیر سردار نثار ہزارہ کی انتقال پر فاتحہ خوانی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جامعہ گوادر میں طلبہ کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے ویلبینگ کیمپ کا انعقاد

گوادر (آن لائن) جامعہ گوادر کے شعبہ کیو ای سی اور دستک زیست کے زیر اہتمام طلبہ کی ذہنی، جذباتی اور سماجی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے ویلبینگ کیمپ (Wellbeing Camp) کا انعقاد کیا گیا کیمپ کا مقصد طلبہ میں ذہنی صحت سے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی میں نامعلوم مسلح افراد نے مغوی سرکاری ملازم کو قتل کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی مغوی سرکاری ملازم کو قتل کردیا لاش کوٹو روڈ کھاری کے علاقے سے برامد اہل علاقے میں شدید غم وغصے کی لہر دوڑ گئی مغوی مقتول گورنمنٹ سکول میں چپڑاسی تھا مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس کے مطابق جھل مگسی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک شخص کو ہلاک کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی نوجوان کو فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی کے رہائشی نوجوان پلیا ولد وشوکئی کو مال پڑی میں مسلح افراد نے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل کا ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے ہمراہ جوڈیشل کمپلیکس کا دورہ

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خان مجک نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج موسیٰ خیل کے ہمراہ تحصیل درگ میں تعمیر شدہ جوڈیشل کمپلیکس کا اہم دورہ کیا دورے کے دوران ڈپٹی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سرغگئی کا دورہ

دورے کے دوران اسکول کی تعلیمی سرگرمیوں اور تدریسی ماحول کا بھی جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر نصیر علی شاہ نے 22 اکتوبر 2026ء کو گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سرغگئی کوئٹہ کا دورہ کیا اور اسکول میں منعقدہ سائنس نمائش کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر طالبات نے فزکس، کیمسٹری اور بائیولوجی کے مختلف سائنسی ماڈلز اور منصوبے پیش کیے اور اپنے کام کی تفصیلی وضاحت کی۔ دورے کے موقع پر اسکول کی ہیڈ مسٹریس مصباح اکرم نے ڈاکٹر نصیر علی شاہ کا استقبال کیا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے نمائش میں پیش کیے گئے ماڈلز کا جائزہ لیا اور طالبات کی سائنسی معلومات، خود اعتمادی، تخلیقی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سکینہ عبداللہ خان کی وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے اہم ملاقات

بلوچستان کے محنت کشوں کو لیبر فلیٹس، ڈیتھ اور میرج گرانٹس سمیت تمام جائز حقوق ترجیحی بنیادوں پر ملیں گے

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری اور ممبر گورننگ باڈی ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان سکینہ عبداللہ خان نے وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز، ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ و ورکرز ویلفیئر چوہدری سالک حسین سے ایک اہم ملاقات کی، جس میں بلوچستان کے محنت کشوں اور ایمپلائرز کو درپیش دیرینہ مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سکینہ عبداللہ خان نے بلوچستان میں مزدور طبقے کی مشکلات کو تفصیل کے ساتھ وفاقی وزیر کے سامنے رکھا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ صوبے میں محنت کش

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

لوگوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، یونس عزیز زہری

دستیاب وسائل کے مطابق عوامی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کے لیے کوشش جاری رکھی جائے گی

خضدار (آن لائن) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی و ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری سے گزشتہ روز خضدار میں ان کی رہائش گاہ پر خضدار کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سیاسی و سماجی و قبائلی شخصیات، جماعتی احباب، کاروباری حضرات، مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عام عوام، اساتذہ کرام، اور مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری سے انکے رہائشگاہ پر خضدار و گردونواح کے کثیر تعداد میں عوام نے وفود کی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت پولیو کے حوالے سے آن لائن اجلاس

ریلیف، ٹرن ڈاؤن بچوں کی کوریج، سیکیورٹی، مانیٹرنگ اور ویکسینیشن کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے زیر صدارت کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) کے حوالے سے اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کے زیر صدارت کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ حکام اور دیگر نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں اور مبینہ زیادتیوں پر سینیٹ میں توجہ دلاؤ نوٹس

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے سینیٹ کے اجلاس میں رول 218 کے تحت ملک بھر میں پولیس کی مبینہ زیادتیوں اور جعلی پولیس مقابلوں میں شہریوں کی ہلاکتوں کے بڑھتے ہوئے واقعات

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

گوادر اور پاک ایران سرحد پر تباہ کن حملے این ایل سی کی گاڑیاں نذر آتش

جیونی زیرو پوائنٹ پر شدید دھماکوں سے گوادر گونج اٹھا، جی ڈی اے ہسپتال کو نقصان علاقے میں سیکیورٹی ہائی الرٹ

کوئٹہ (یو این اے) جمعرات کی شام پاک۔ایران سرحد اور گوادر کے ساحلی علاقوں میں نامعلوم مسلح افراد نے دو مختلف مقامات پر شدید حملے کیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاک۔ایران سرحد پر واقع بارڈر نمبر 250 پر نیشنل لاجسٹکس سیل (این ایل سی) کے قائم مقام پر مسلح افراد نے حملہ کر کے وہاں کھڑی متعدد گاڑیوں کو آگ لگا دی۔ اسی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حب، وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ کی میر علی حسن زہری سے ملاقات

ملاقات میں ڈسٹرکٹ حب کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

حب (این این آئی) اسلام آباد میں معروف قبائلی شخصیت وجام گروپ کے سینئر رہنما وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ نے اسلام آباد میں میر علی حسن زہری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈسٹرکٹ حب کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گڈانی کے عوامی مسائل اور ترقیاتی امور پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر میر علی حسن زہری کی جانب سے کہا گیا کہ وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ سیاست سے ہٹ کر میرے پرانے دوست بھائیوں میں سے ہے

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نیب بلوچستان کا طلباء میں شعور و آگاہی اجاگر کرنے کیلئے پروقار تقریب کا انعقاد

بدعنوانی کے خاتمے کیلئے معاشرے میں دیانت داری، شفافیت کو فروغ دینا ناگزیر ہے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مولانا سراج الحق کی سردار یار محمد رند سے اہم ملاقات

ملاقات میں بلوچستان کے قبائلی حالات اور عوامی مسائل کے حل پر گفتگو

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری پولیو اور ای پی آئی پروگرام کی کارکردگی کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس کے آن لائن جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اصغر خان اچکزئی کی گرفتاری قابل مذمت ہے، عبدالرحیم زیارتوال

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قائد جمعیت کیخلاف منفی پروپیگنڈہ جلد دم توڑ جائے گا، مولانا عبدالواسع

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پی ایم ڈی سی کی نجکاری اور لیز منسوخی مسترد

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان مالدیپ کے درمیان پارلیمانی و معاشی تعاون کے وسیع امکانات ہیں، چیئرمین سینیٹ

دونوں ممالک کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعاون کو نئی جہتیں دینے کی ضرورت ہے

دونوں ممالک کی مضبوط شراکت داری خطے میں امن و استحکام کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے، مالدیپ کے صدر سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پارلیمانی، سفارتی اور معاشی تعاون کو نئی جہتیں دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع سینیٹر طلحہ محمود،

بقیہ 47 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مراد جمالی مسلح افراد نے طالبہ کو اغواء کرلیا ورثاء سٹی تھانے پہنچ گئے

لڑکی کی بازیابی اور اغواء کاروں کی گرفتاری کیلئے تھانے کے سامنے احتجاج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی مسلح افراد نے طالبہ کو اغواء کرلیا ورثاء سٹی تھانے پہنچ گئے لڑکی کی بازیابی اور اغواء کاروں کی گرفتاری کیلئے تھانے کے سامنے احتجاج۔ پولیس نے شہر بھر کی ناکہ

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چھتر کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد سو سے زائد بھیڑ بکریاں چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر کے علاقے سے درجنوں مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر بھیڑ بکریوں کا ریوڑ چھین کر اپنے ساتھ لے گئے ایک سو پانچ بھیڑ بکریاں چھیننے کے واقعے پر علاقے میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صارفین کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے، مرزا اعزاز بیگ

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ کی زیر نگرانی صارفین کی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمن کیخلاف منفی پروپیگنڈہ مہم کی جے یو آئی کی شدید مذمت

سیاسی اختلاف کا جواب کردار کشی سے دینا دلیل کی کمزوری اور سیاسی دیوالیہ پن ہے، مولانا عبدالرحمن

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمن کے خلاف منظم منفی پروپیگنڈہ مہم

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر بلوچستان شیعہ کانفرنس کا گہرے رنج وغم کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) صدر بلوچستان شیعہ کانفرنس و جملہ کابینہ نے ممتاز قبائلی و ملی رہنما، ہزارہ قوم کے بزرگ، سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر بلوچستان

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں ٹرانسپورٹ شعبہ وینٹی لیٹر پر ہے، ایکشن کمیٹی

فوری ریلیف نہ ملا تو مسافر بسوں کا نام ونشان مٹ جائے گا، صدر حبیب اللہ بادیزئی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی موسیٰ جان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کا شعبہ وینٹی لیٹر پر ہے اور آخری سانسیں لے رہا ہے، ٹرانسپورٹرز کروڑوں روپے کے مقروض ہو چکے ہیں، جبکہ کاروبار جاری رکھنا روز بروز مشکل ہوتا جارہا ہے۔ اگر حکومت نے فوری طور پر ہنگامی بنیادوں پر ریلیف اقدامات نہ کیے تو صوبے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچ اور پشتون خواتین تعلیم اور صلاحیتوں میں کسی سے پیچھے نہیں ہے، ایڈووکیٹ ثانیہ بازئی

کوئٹہ (یو این اے) معروف قانون دان ایڈووکیٹ ثانیہ بازئی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی بلوچ اور پشتون خواتین تعلیمی لحاظ سے کسی سے پیچھے نہیں ہیں بلوچ پشتون خواتین بیوروکریسی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایل پی جی مافیا نے بدترین لوٹ مار شروع کردی ہے، سید امان شاہ

ایل پی جی مافیا نے پانچ روز میں عوام کو کروڑوں روپے کا ٹیکا لگا دیا، صوبائی صدر

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے کہا ہے کہ ایل پی جی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے، مبینہ ایل پی جی مافیا نے صرف پانچ روز کے دوران عوام کی جیبوں سے کروڑوں روپے نکال لیے ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے قیمتوں پر قابو پانے اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ موسم کی تبدیلی اور سردی کی شدت میں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلات سے ملنے والی نعش کی شناخت سیخی کے نام سے کردی گئی

قلات (یو این اے) گزشتہ رات سنگداس کے مقام سے ملنے والی نعش کی شناخت سیخی ولد رحمت اللہ قوم نیچاری سکنہ غریب آباد قلات کے نام سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں سابق صوبائی وزیر سردار نثار علی ہزارہ کے انتقال پر دعا مغفرت کی جارہی ہے

خواتین کو ہنر فراہم کرنا پائیدار معاشی ترقی کی بنیادی ضرورت ہے، ربابہ بلیدی

ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی کی ملاقات خواتین کیلئے پیشہ ورانہ ترقی، جدید فنی تعلیم، تکنیکی تربیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

محکمہ ترقی نسواں خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں معاشی سرگرمیوں میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانے کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون کو اہمیت دیتا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے ڈائریکٹر جنرل پی ایس سی اے ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈائریکٹر جنرل نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ ڈاکٹر سید علی رضا شاہ اور ڈائریکٹر جنرل

بقیہ 48 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ہفتہ وار ریویو اجلاس

بلوچستان اکنامک ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ہفتہ وار ریویو اجلاس منعقد ہوا جس میں کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات کے پائیدار حل اور بلوچستان اکنامک ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مسائل کے فوری حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ہفتہ وار ریویو اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جعفرآباد مین نالہ علاقے کے عوام کے وسیع تر مفاد میں تعمیر کیا جارہا ہے، خالد خان

منصوبے کو مقررہ معیار اور تعمیراتی اصولوں کے مطابق مکمل کروانا متعلقہ انجینئرز کی بنیادی ذمہ داری ہے

(خ ن) جعفرآباد۔ ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا ہے کہ جعفرآباد میں زیر تعمیر نکاسی آب کا مین نالہ علاقے کے عوام کے وسیع تر مفاد میں تعمیر کیا جارہا ہے، سیوریج سسٹم کی بہتری یہاں کے عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا، جسے موجودہ حکومت اولین ترجیحات کی بنیاد پر عملی جامہ پہنا رہی ہے، نکاسی آب کا یہ منصوبہ علاقے میں سیوریج کے مسائل کے حل اور عوام کو بہتر شہری سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا، منصوبے کو مقررہ معیار اور تعمیراتی اصولوں کے مطابق مکمل کروانا متعلقہ انجینئرز کی بنیادی ذمہ داری ہے، تعمیراتی کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ضلع بھر میں 309 ٹیوب ویلوں کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل جاری

249 ٹیوب ویل سولرائزڈ 46 ٹیوب ویلوں کے فنڈز جاری ہو چکے ہیں

نصیرآباد (خ ن) ضلع بھر میں 309 ٹیوب ویلوں کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کا عمل جاری 249 ٹیوب ویل سولرائزڈ 46 ٹیوب ویلوں کے فنڈز جاری ہو چکے ہیں جبکہ 14 کیسز تاحال زیر التوا ہیں اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر ورچند لعل کی زیر صدارت جائزہ اجلاس منعقد ہوا واپڈا کے ٹرانسفارمرز اور بجلی کے کھمبوں کی واپسی کے لیے متعلقہ مالکان کو نوٹس جاری کرنے اور عدم تعمیل پر قانونی کارروائی کی ہدایت کی گئی واضح رہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلے پر قابو پانے اور زرعی شعبے کو درپیش مشکلات کے ازالے کے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ملک خلیل الرحمن کاکڑ ایڈووکیٹ، حفیظ الملک مینگل، علاؤالدین، اللہ دوست بڑیچ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ اسمبلی اجلاس میں تحریک قرارداد پیش کررہے ہیں

حب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

حب (این این آئی) حب چوکی ساکران روڈ بلوچ کالونی کے قریب فائرنگ سے ایک شخص زخمی جسے فوری طور پر ایدھی ایمبولینس کے ذریعے حب سول

بقیہ 37 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور، ڈاکٹر گل سمین میروانی نے ینگ کنسلٹنٹ گائنا کالوجسٹ ایوارڈ حاصل کرلیا

ایوارڈ آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں منعقد ہونے والی 29 ویں ایشیا اینڈ اوشیانا کانگریس آف آبسٹیٹرکس اینڈ گائناکالوجی کے موقع پر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے وشبود سے تعلق رکھنے والی کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ڈاکٹر گل سمین میروانی نے بین الاقوامی سطح پر نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے ینگ کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ایوارڈ حاصل کیا ہے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، تحصیل گنداواہ کے ہائی اسکول سے چپڑاسی اغوا کے بعد قتل، لاش برآمد

مسلح افراد نے عبدالرشید دیناری کو اسکول سے اغوا کیا، گھاترہ کے قریب سے لاش ملنے پر علاقے میں تشویش

جھل مگسی (یو این اے) ضلع جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ کے علاقے کھاری میں سرکاری ہائی اسکول کے چپڑاسی کو نامعلوم مسلح افراد نے اغوا کے بعد بے دردی سے قتل کردیا، جس کی لاش کوٹڑہ کے قریبی علاقے گھاترہ سے برآمد ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق کھاری کے رہائشی اور ہائی اسکول کھاری میں بطور چپڑاسی تعینات عبدالرشید دیناری کو گزشتہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، ملک محمد علی شہید پولیس کی کامیاب کارروائی، مطلوب ڈکیت گرفتار

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مختلف پولیس تھانوں کو مطلوب خطرناک موٹر سائیکل ڈکیت کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ ملک محمد علی شہید کے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

مصر سعودیہ کو صرف دفاعی فوجی معاونت فراہم کرے گا، صدر عبدالفتاح السیسی

یمن پر حملے شامل نہیں ہوں گے، مصری فوجی کارروائی عرب ممالک کی سلامتی اور استحکام کے تحفظ تک محدود ہوگی، بیان

مصری فوجی کارروائی عرب ممالک کی سلامتی اور استحکام کے تحفظ تک محدود ہوگی، خلیجی ممالک کی سلامتی مصر کی قومی سلامتی سے منسلک ہے

قاہرہ (آن لائن) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا کہ مصر سعودی عرب کو صرف دفاعی فوجی معاونت فراہم کرے گا۔ مصری صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا کہ مصری فوجی معاونت میں یمن پر حملے شامل نہیں ہوں گے، مصر درخواست پر دیگر عرب

بقیہ 49 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شعبہ تعلیم میں غفلت، سستی برداشت نہیں کی جائیگی، غلام حیدر

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جامعہ تربت میں طلباء کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کیلئے مینٹل ویلنس کیمپ کا انعقاد

کیمپ کا مقصد طلباء میں ذہنی و نفسیاتی تناؤ سے مثبت انداز میں نمٹنے کی تربیت فراہم کرنا تھا

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چمن، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کا اچانک دورہ

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی اور ڈاکٹر مالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں باہمی گفتگو کررہے ہیں

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جامعہ گوادر اور گوادر چیمبر آف کامرس کے درمیان باہمی تعاون پر اتفاق

جامعہ گوادر اور چیمبر آف کامرس کے درمیان عنقریب MoUs پر دستخط ہوں گے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر سید اقبال شاہ کا خراج عقیدت

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ژوب، صوبائی محتسب کی ہدایت پر کھلی کچہری کا انعقاد

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمت کوئٹہ / مستونگ
081 - 2005129
081 - 2011314
نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس: 081-2827323

جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے نو منتخب مجلس عاملہ کے پہلے تعارفی اجلاس کی صدارت ضلعی امیر مولانا نیاز محمد کر رہے ہیں

صحبت پور میں پالتو جانوروں میں 'گوگی' اور دیگر وبائی بیماریاں پھوٹ پڑیں

ضلع کی تمام تحصیلوں میں ہنگامی حفاظتی کیمپس قائم کر کے مال مویشیوں کا علاج ممکن بنایا جائے

[illegible] تشویش اور پریشانی میں مبتلا ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور، تحصیل پنہور سیدی، تحصیل بھلی پور، تحصیل سعید خان کنرانی، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیا خان کھوسو کے تمام چھوٹے بڑے علاقوں میں مویشی وبائی امراض کی زد میں ہیں۔ علاقے کے مالداروں کے مطابق کئی سالوں [illegible] کمشنر صحبت پور اور اعلیٰ حکام سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے۔ مالداروں نے مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ لائیو اسٹاک کی خاموشی و غفلت کا سختی انداز میں نوٹس لیا جائے اور تمام تحصیلوں اور متاثرہ دیہی علاقوں میں فوری طور پر لائیو اسٹاک کے ہنگامی کیمپس قائم کیے جائیں۔

شہریوں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے، آباد فضل الرحمٰن خلجی

منشیات فروشوں اور شیشہ فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ایس ایچ او پشتون

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیا مندوخیل کی ہدایات کی روشنی میں عوامی مسائل کے حل، شہریوں اور پولیس کے درمیان رابطوں کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تھانہ پشتون آباد کوئٹہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی قائد آباد مقصود لغاری، ایس ایچ او پشتون آباد فضل الرحمٰن خلجی سمیت پولیس کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر شہریوں نے اپنے جائز مسائل، شکایات اور علاقے سے متعلق امور سے پولیس افسران کو آگاہ کیا۔ پولیس افسران نے شہریوں کی شکایات توجہ سے سنیں اور متعلقہ مسائل کے حل کے لیے فوری ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈی ایس پی قائد آباد مقصود لغاری نے تھانہ پشتون آباد میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی مسائل کا فوری حل اور شہریوں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل اور شکایات سنیں اور متعلقہ افسران کو ان کے جائز مسائل فوری حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔

ڈکی، آل بلوچستان سردار درمحمد ناصر فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار افتتاح

افتتاحی میچ میں خیبر افغان ڈکی نے پاک افغان پشین کو 0-2 سے ہرا دیا

ڈکی (یو این اے) آل بلوچستان سردار درمحمد ناصر فٹبال ٹورنامنٹ کا شاندار افتتاح، خیبر افغان فٹبال کلب ڈکی نے افتتاحی میچ دو صفر سے جیت لیا ڈکی میں آل بلوچستان سردار درمحمد ناصر فٹبال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس کا افتتاح سردار زادہ شیر یار خان ناصر نے فیتہ کاٹ کر اور فٹبال کو پاس سے کک مار کر کیا۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ خیبر افغان فٹبال کلب ڈکی اور پاک افغان فٹبال کلب پشین کے درمیان کھیلا گیا، جس میں خیبر افغان فٹبال کلب ڈکی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاک افغان فٹبال کلب پشین کو دو صفر سے شکست دے کر میچ اپنے نام کر لیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار زادہ شیر یار خان ناصر نے کہا کہ کھیلوں کے انعقاد سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع ملتے ہیں۔ فٹبال نوجوانوں میں نظم و ضبط، بھائی چارے، اتحاد اور مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ٹورنامنٹس کا انعقاد خوش آئند ہے، کیونکہ اس سے بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں منوانے اور ایک دوسرے کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملتا ہے۔ کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں کو صحت مند ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ باہمی ہم آہنگی اور امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ تقریب کے موقع پر ٹھیکیدار نصر الدین بزدار نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے 50 ہزار روپے نقد دینے کا اعلان کیا، جبکہ قبائلی رہنما محمد اسلم ترین نے خیبر افغان فٹبال کلب ڈکی کے لیے 15 ہزار روپے نقد دینے کا اعلان کیا۔ تقریب میں ڈکی پریس کلب کے صدر اللہ نور ناصر، ٹھیکیدار نصر الدین بزدار، قبائلی رہنما محمد اسلم ترین، حاجی درازخان ناصر، ماسٹر امیر ناصر سمیت دیگر قبائلی عمائدین، معززین اور فٹبال شائقین نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران مرغی پکڑنے کا روایتی عملی مظاہرہ بھی کیا گیا، جبکہ روایتی ڈھول کی تھاپ نے تقریب کو مزید پر رونق بنا دیا۔ ٹورنامنٹ میں بلوچستان بھر سے تعلق رکھنے والی مختلف فٹبال ٹیموں کی شرکت متوقع ہے۔ اس ایونٹ کا مقصد کھیلوں کو فروغ دینا، نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرنا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں کے کھلاڑیوں کے درمیان بھائی چارے اور ہم آہنگی کو مضبوط بنانا ہے۔

نال اور گردونواح میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

نال (نال) نال اور گردونواح میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ، پولیس کی کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے نال اور گردونواح میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے کے باعث امن و امان کی صورتحال پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں سے عوام میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے، جبکہ پولیس کی کارکردگی اور حفاظتی اقدامات پر بھی سوالات سامنے آ رہے ہیں۔ نال پولیس کی سرگرمیاں تھانے تک محدود دکھائی دینے کے باعث جرائم پیشہ عناصر کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔

میونسپل کارپوریشن حب کی جانب سے شہریوں کے لیے اہم ہدایات جاری

حب (این این آئی) میونسپل کارپوریشن حب کی جانب سے شہر کے تمام رہائشیوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شہری اپنے گھروں، دکانوں اور دیگر مقامات پر صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں۔ گلیوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر کچرا پھینکنے سے گریز کریں اور شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ نوٹس کے مطابق شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنے، غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات کی روک تھام کے لیے متعلقہ حکام کی جانب سے اقدامات کیے جائیں گے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ بلدیاتی احکامات پر عمل درآمد کریں اور شہر کی خوبصورتی و صفائی برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ مزید کہا گیا ہے کہ ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

پنجگور میں ایل پی جی گیس کا بحران قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں ایل پی جی گیس کا بحران قیمتوں میں ہوشربا اضافہ جبکہ آٹے کی قیمتوں میں بھی بڑا اضافہ سامنے آیا ہے عام شہری بڑھتی ہوئی قیمتوں سے پریشان تفصیلات کے مطابق پنجگور میں اشیاء خورونوش سمیت دیگر روزمرہ استعمال کی چیزوں میں بڑا اضافہ سامنے آیا ہے ایرانی ایل پی جی 500 روپے فی جبکہ پچاس کلو والی آٹے کی تھیلہ 14 سو روپے اضافے کے ساتھ 6800 روپے کا ہو گیا ہے جس سے عام لوگوں کی معاشی مشکلات میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے عام دیہاڑی دار طبقہ موجودہ صورتحال سے شدید متاثر ہو چکا ہے واضح رہے کہ پنجگور میں ایل پی جی ایران سے آتی ہے تاہم گزشتہ روز بارڈر کی بندش کے اعلانات کے پیش نظر قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا گیا ہے اور مذید ملکی آٹا بھی آسمانوں کو چھونے لگا ہے 14 سو روپے فی تھیلہ اضافہ ہو گیا ہے

صوبائی دارالحکومت میں ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں من مانا اضافہ

20 کلو کا تھیلہ 3500 روپے جبکہ 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے میں فروخت ہو رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر کی طرح ملک بھر میں ایل پی جی گیس، آٹا، دالوں، مرغی کے گوشت سمیت کھانے پینے، سبزیوں کی قیمتوں میں دکانداروں نے من مانا اضافہ کر دیا ہے کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور ضلعی انتظامیہ مصنوعی مہنگائی اور گراں فروشی پر قابو پانے میں مکمل طور پر ناکام نظر آ رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے ارباب اختیار اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کر کے شہریوں کو مقرر کردہ نرخوں پر کھانے پینے کی چیزیں، آٹا، ایل پی جی گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ کوئٹہ میں مرغی کا گوشت 600 سے 650 روپے فی کلو اور ایل پی جی 600 روپے فی کلو تک جا پہنچی جبکہ آٹے کا 20 کلو کا تھیلہ 3500 روپے جبکہ 50 کلو آٹے کی بوری 8 ہزار روپے میں فروخت ہو رہی ہے کوئٹہ سمیت خضدار، چاغی، واشک، کیچ و دیگر علاقوں میں بھی آٹے اور کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے۔ گوبھی 160 روپے، بند گوبھی 120 روپے، کھیرا 120 روپے، آلو 5 کلو ڈیڑھ سو سے 250 روپے، پیاز 5 کلو 550 روپے، مٹر 450 روپے، بھنڈی 180 روپے، کدو 160 روپے، توری 150 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ بلوچستان بھر میں گندم کا بحران سنگین ہو گیا ہے۔

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حاجی رفو گل بڑیچ، حاجی ابراہیم آغا، حضرت علی، یاسین مینگل، اور سعد اللہ، سوہنا خان تھانہ مستونگ روڈ پر نیو نذیر بڑیچ پلازہ کا افتتاح کر رہے ہیں

ڈی ایچ کیو اسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز سینٹر قائم کرنے کا زبردست عوامی مطالبہ

گردوں کے مریض کراچی کے معاشی و جسمانی تکلیف دہ سفر پر مجبور

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ ڈویژن کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان عالیانی، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا بلوچ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سید فرید اللہ شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع لسبیلہ میں گردوں کے مریضوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز سینٹر کے قیام کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مریضوں کو علاج معالجے کی سہولت اپنے ہی ضلع میں میسر آ سکے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ لسبیلہ ڈویژن کا قیام خوش آئند ہے اور اوتھل ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہونے کے ساتھ ساتھ ضلع کا اہم انتظامی مرکز بھی ہے، تاہم گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت نہ ہونے کے باعث انہیں علاج کے لیے کراچی کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ مریضوں کو ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن ڈائیلاسز کروانے کے لیے طویل سفر کرنا پڑتا ہے، جس سے نہ صرف وقت اور پیسے کا ضیاع ہوتا ہے بلکہ مریضوں کو جسمانی تکلیف اور ان کے اہل خانہ کو شدید ذہنی و مالی پریشانی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں آئے روز ہڑتالوں، ٹریفک اور دیگر مسائل کے باعث بھی مریضوں کو مشکلات پیش آتی ہیں۔ بعض اوقات بروقت اسپتال نہ پہنچنے یا دیگر رکاوٹوں کی وجہ سے ڈائیلاسز کا مقررہ وقت بھی متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے، جو گردوں کے مریضوں کے لیے مزید پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق یہ مسئلہ محض ایک مطالبہ نہیں بلکہ ایک سنگین انسانی اور طبی ضرورت ہے۔ بار بار کراچی سفر کرنے سے وقت اور اخراجات بڑھ جاتے ہیں جبکہ مریضوں کو بھی شدید تکلیف برداشت کرنا پڑتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال اوتھل میں ڈائیلاسز سینٹر کے قیام کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، جدید طبی مشینری فراہم کی جائے اور تربیت یافتہ طبی عملے کی تعیناتی یقینی بنائی جائے تاکہ گردوں کے مریضوں کو بروقت اور معیاری علاج کی سہولت مل سکے۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی کہ صوبائی حکومت، متعلقہ محکمہ صحت اور ضلعی انتظامیہ اس اہم عوامی مسئلے کا نوٹس لیتے ہوئے اوتھل میں ڈائیلاسز سینٹر کے قیام کو عملی جامہ پہنائیں گے، تاکہ غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو علاج کے لیے کراچی جانے کی مجبوری سے نجات مل سکے اور انہیں اپنے علاقے میں بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں۔

خضدار کی غریب خاتون کی گمشدہ سم کا مسئلہ حل، بی آئی ایس پی کا احساسِ کفالت بحال

خضدار (پ ر) وفاقی محتسب اعلیٰ کی مؤثر اور کارگر مداخلت کے نتیجے میں خضدار کی غریب اور نادار خاتون راضیہ کی دیرینہ شکایت کا کامیابی سے ازالہ کر دیا گیا ہے، جس سے ادارے کی عوام دوست پالیسی اور بروقت داد رسی کے عزم کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ زہری اسٹریٹ، خضدار کی رہائشی مسمات راضیہ نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے والٹ اکاؤنٹ سے منسلک اپنی ٹیلی نار سم گم ہو جانے پر وفاقی محتسب کے دفتر سے رجوع کیا تھا۔ سائلہ کی سم بلاک / گم ہونے کے بعد متعلقہ موبائل فرنچائز نے انہیں متبادل سم کے حصول کے لیے حب سٹی جانے کا مشورہ دیا تھا، جو کہ خضدار سے سینکڑوں کلومیٹر دور ہے۔ کم آمدن اور نادار گھرانے سے تعلق رکھنے کی وجہ سے سائلہ کے لیے اتنے طویل سفر کے اخراجات برداشت کرنا بالکل ناممکن تھا، جس کے باعث ان کی بی آئی ایس پی کی مالی امداد کی رقم کا حصول کھٹائی میں پڑ گیا تھا۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی حساسیت اور غریب خاتون کی مجبوری کا فوری نوٹس لیتے ہوئے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (PTA) اور متعلقہ موبائل آپریٹر کو فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی سخت اور بروقت ہدایت پر پی ٹی اے اور ٹیلی نار انتظامیہ نے فوری تحرک دکھایا اور سائلہ کو خضدار میں ہی بائیو میٹرک تصدیق کے بعد متبادل سم جاری کر دی۔ متبادل سم کی فعال فراہمی، سائلہ کے مکمل اطمینان اور ان کے تمام تر خدشات و مشکلات کا خاتمہ ممکن ہونے کے بعد وفاقی محتسب نے شکایت کو کامیابی کے ساتھ داخل دفتر (Disposed of) کر دیا۔ اس موقع پر سائلہ راضیہ نے وفاقی محتسب کی عوام پرور اور بے لوث خدمات پر انتہائی مسرت اور تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کے ادارے نے انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف اور سہولت فراہم کی ہے

لورالائی سرکل کے صارفین کیلئے کیسکو کھلی کچہری پروگرام آج منعقد ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) لورالائی (آپریشن) سرکل کے تمام صارفین کیلئے کھلی کچہری پروگرام 23 اکتوبر 2026 کو (بروز جمعہ) صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک منعقد ہوں گے۔ جس میں کیسکو کے چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) سید مظاہر حسین مشہدی براہ راست لورالائی سرکل کے صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات معلوم کریں گے۔ تاہم سرکل کے صارفین کھلی کچہری میں بذریعہ ٹیلیفون بھی شرکت کر سکتے ہیں اور ٹیلیفون نمبر 0824400029 پر رابطہ کر کے اپنی شکایات کا اندراج کروائیں۔ مذکورہ کھلی کچہری میں لورالائی سرکل کے تمام سب ڈویژنز جن میں لورالائی، موسیٰ خیل، ژکی، زیارت، ہرنائی، کوہلو، ژوب، قلعہ سیف اللہ اور مسلم باغ شامل ہیں اُن علاقوں کے صارفین ذاتی طور پر یا بذریعہ فون نمبر 0824400029 شرکت کر سکتے ہیں۔

نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کے لیے سنگین خطرہ بن گئی

نوکنڈی (آن لائن) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ صورتحال اس قدر تشویشناک ہو چکی ہے۔ کہ دن ہو یا رات، خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا خطرے سے خالی نہیں رہا۔ خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آنے جانے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق نوکنڈی میں عرصہ ؟ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تاحال کوئی مؤثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹری سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن نوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا پیدا کر دی ہے۔ خواتین بچوں کو گھروں سے نکلتے ہوئے مشکلات کا سامنا ہے۔

پی ٹی ایم سی ایس ممبران کا گرلز ہائی اسکول نال کا دورہ

تعلیمی مسائل اور کلسٹر سامان کا جائزہ، ہائر سیکنڈری کا درجہ دینے کا مطالبہ

نال (آن لائن) پی ٹی ایم سی ایس کے ممبران اسد نور بزنجو، ڈی ایم او حاتم بلوچ، ایم ایل اے خالق بلوچ، یار محمد، عبدالحکیم اور رحمت اللہ مینگل نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسکول کی ہیڈ مسٹریس کے دفتر میں ملاقات کی اور تعلیمی امور سمیت اسکول کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران وفد نے اساتذہ کی حاضری چیک کی اور اسکول کو فراہم کیے گئے کلسٹر سامان کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسکول کے انتظامی و تعلیمی امور اور طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ بچیوں کی تعلیم کے فروغ اور تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے سرکاری تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی باقاعدہ حاضری، تدریسی سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی اور تعلیمی وسائل کے درست استعمال کو اہم قرار دیا گیا۔ سرکاری اسکولوں کے مسائل کا بروقت حل اور تعلیمی سہولیات میں اضافہ طالبات کی بہتر تعلیمی کارکردگی کے لیے ضروری ہے۔ وفد نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نال کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دیا جائے تاکہ نال اور گردونواح کی طالبات کو میٹرک کے بعد بھی اپنے علاقے میں انٹرمیڈیٹ کی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر آ سکیں۔ ہائر سیکنڈری کا درجہ ملنے سے طالبات کو مزید تعلیم کے حصول کے لیے دوسرے علاقوں کا رخ کرنے کی ضرورت کم ہوگی اور علاقے میں بچیوں کی اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ گرلز ہائی اسکول نال کے تعلیمی مسائل کے حل، ضروری سہولیات کی فراہمی اور اسکول کو ہائر سیکنڈری کا درجہ دینے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ علاقے کی طالبات کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔

لالا سلطان، سفر خان مری، ساجد کھوکھر، شاہ علی بگٹی، عبدالستار نور شاہ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی

کارروائیوں کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی اور قانون کی عمل داری کو یقینی بنانا ہے

فرید آباد (آن لائن) نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہے ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس تفصیلات کے مطابق ضلع صحبت پور میں نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کی روک تھام کے لیے کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ ایکسائز اے ٹی او صحبت پور آفتاب احمد کھوسہ سب انسپکٹر اشرف عظیم عمرانی کی سربراہی میں ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں ناکہ بندیاں کر کے مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ اور منشیات کی نقل و حمل کی روک تھام کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ان کارروائیوں کا مقصد غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی اور قانون کی عمل داری کو یقینی بنانا ہے اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایکسائز کے صوبائی وزیر محمد خان لہڑی ایکسائز ڈی جی مسعود محمد زمان کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں ایکسائز پولیس نے ناکہ بندی کر دی ہے نان کسٹم پیڈ گاڑیوں اور منشیات کے خلاف کارروائی تیز کر دی گئی ہے

بھاگ، شہر کھنڈرات میں تبدیل، سول سوسائٹی کا شدید تشویش

میر اسماعیل خان چوک سے بمبان محلہ تک شاہراہ کا نام و نشان مٹ گیا

چیف آفیسر میونسپل کمیٹی غیر حاضر، شہری سراپا احتجاج

بھاگ (یو این اے) بھاگ شہر کی سول سوسائٹی نے بھاگ شہر کی حالت زار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے شہر میں سڑکوں کا نام و نشان تک نہیں ہے جبکہ صفائی کی صورتحال ابتر ہونے کی وجہ سے شہری بے حد مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں سول سوسائٹی کا کہنا ہے کہ عرصہ دراز سے بھاگ شہر میں سڑکوں کی کوئی تعمیر و مرمت نہیں کی گئی جس کی وجہ سے سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے خصوصاً بازار کی مین شاہراہ میر اسماعیل خان چوک سے لے کر بمبان محلہ تک انتہائی خستہ ہو کر سڑک کا نام بھی مٹ چکا ہے جبکہ پیر صابر شاہ روڈ شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے جس سے شہری ان سڑکوں سے گزرتے ہوئے انہیں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ صفائی کی صورتحال بھی اس سے کچھ مختلف نہیں ہے ہر جگہ تعفن اور گندگی نے شہر کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے میونسپل کمیٹی اور بلدیاتی نظام سے شہری جس توقعات کا اظہار کر رہے تھے اس میں انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑا ہے بلکہ شہر کی صورتحال پہلے سے بھی ابتر ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کی کارکردگی اگر اس طرح منفی رہی تو صورتحال مزید گھمبیر ہو جائے گی جبکہ چیف آفیسر بھی عرصہ دراز سے غیر حاضر ہیں۔

اراکین صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ، کلثوم نیاز بلوچ، مسلم کاکڑ اور صفیہ بی بی کے ہمراہ اسلامیہ گرلز کالج کی طالبات کا گروپ فوٹو

کوئٹہ کی تباہی، بدعنوانی اور میٹروپولیٹن کی ناکامی پر رحیم کاکڑ کا شدید ردِ عمل

شہر آوارہ کتوں، اندھیرے اور لینڈ مافیا کے رحم و کرم پر، کرپٹ عناصر کا بلا امتیاز احتساب کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے افسوس کا اظہار کیا ہے کہ ایک طرف صوبے خصوصاً کوئٹہ کو دہشتگردی نے تباہ کر دیا دوسری طرف میٹروپولیٹن کا عملہ ختم ہو چکا ہے صفائی صفا فراڈ نامی ایک کرپٹ گروہ کو دیا گیا ہے شہر کے تمام اسٹریٹ لائٹس خراب اور بند ہو چکی ہے رات کے وقت پر شہر آوارہ کتوں کے حوالے کوئٹہ کے ہوٹل فوڈ اتھارٹی کے حوالے بلڈنگ کوڈ 1935 کا اندازہ کوئٹہ میں بلند و بالا عمارتوں سے لگایا جا سکتا ہے صرف نام نہاد ترقیاتی عمل وہ صرف کرپشن کے حد تک ہے گزشتہ کافی عرصے سے ایک روپے کا کام زمین پر نہیں ہوا ہے ٹیکس کا نظام بھی پرائیوٹ لوگ وصول کر رہے ہیں کوئٹہ کا منٹن مارکیٹ بلدیہ پلازہ سرکلر روڈ پارکنگ پلازہ بلدیہ ہوٹل ایئر پورٹ روڈ کا ہیکٹرز ہوم نار کو ٹیکس والوں نے قبضہ کیا بتایا جائے او درج بالا سابق چیئرمین سینیٹ ایک صوبائی وزیر سابق کمشنر ایڈمنسٹریٹر نے یہ کارنامے کئے ہیں سب کا انجام زمانہ دیکھے گا کسی کے ساتھ رعایت نہیں ہوگی کوئٹہ میں باہر سے آ کر اقتدار کے مزے کرپشن اور عیاشیاں کرنے والوں کا انجام زمانہ دیکھے گا تحریک انصاف کرپٹ اور بے ضمیروں کو کبھی نہیں چھوڑے گی۔

میر رحمت صالح بلوچ سے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر خان ترین اور فضل قادر خان مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

جھل مگسی، ضعیف والدین کی قرآن پاک اٹھا کر بیٹے کی بحفاظت رہائی کی اپیل

جھل مگسی (یو این اے) ضلع جھل مگسی کی تحصیل گنداواہ کے علاقے کھاری میں واقع ہائی اسکول سے چند روز قبل پراسرار طور پر اغوا کیے گئے مولوی صادق علی کے ضعیف والد صوفی لیاقت علی اور بوڑھی والدہ نے ہاتھوں میں مقدس قرآن پاک اٹھا کر اپنے بیٹے کی فوراً بحفاظت رہائی کی درد بھری اپیل کی ہے۔ گنداواہ شہر سے تعلق رکھنے والے مغوی کے والدین نے میڈیا اور تمام معززین کے سامنے شدید رقت آمیز انداز میں فریاد کرتے ہوئے کہا کہ ان کے بیٹے کو خدارا بحفاظت رہا کر کے ان کا گھر اجڑنے سے بچایا جائے۔ انہوں نے روتے ہوئے کہا کہ ان کے بڑھاپے، ایک ماں کی ممتا اور معصوم و بے بس بچوں کی حالت زار پر رحم کھایا جائے اور ان کے بے گناہ بیٹے کو رہا کر کے ان کے گھر کی اجڑی ہوئی خوشیاں لوٹائی جائیں۔ واضح رہے کہ چند روز قبل ہائی اسکول کھاری سے مغوی مولوی صادق علی کے اغوا کے بعد سے علاقے میں سخت تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ ان کے اہل خانہ اور بقیہ لواحقین شدید غم و غصے اور ذہنی کرب میں مبتلا ہیں۔

انجمن اثناء عشری کلاں کوئٹہ کا ممبر سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) انجمن اثناء عشری کلاں کوئٹہ کے کابینہ ممبران نے انجمن کے سینئر رکن، انتہائی مخلص و ہر دلعزیز شخصیت سردار نثار علی ہزارہ کی وفات پر گہرے دکھ اور شدید افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں ممبران انجمن اثناء عشری کلاں نے کہا کہ سردار نثار علی ہزارہ مرحوم انجمن کلاں کا سرمایہ تھے۔ انہوں نے اپنی رکنیت کے دوران ہمیشہ ملت تشیع، قوم ہزارہ اور انجمن کے وقار اور تشخص کے لیے خلوص نیت سے خدمات انجام دیں۔ وہ ہر دینی، ملی اور فلاحی کام میں پیش پیش رہتے تھے اور انجمن کے ہر فیصلے میں ان کی رائے کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ مرحوم ایک دیندار، با اخلاق اور خدمت گزار انسان تھے۔ ان کی وفات سے انجمن کلاں ایک مخلص رکن سے محروم ہو گئی ہے جس کا خلا مدتوں پر نہیں ہو سکتا۔ انجمن اثناء عشری کلاں کی کابینہ نے مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعائے مغفرت اور بلند درجات کی دعا کی

کچھی کینال کا زرعی پانی پنجاب کے علاقے راجن پور میں روکنے کی اطلاعات

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کینال کا زرعی پانی پنجاب کے علاقے راجن پور میں روکنے کی اطلاعات بلوچستان کے بیشتر علاقے بنجر بن کر رہ گئے زرعی پانی بلوچستان کے حصے کا روکنے پر ڈیرہ بگٹی و دیگر علاقوں کے زمینداروں اور کسانوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی حکام سے نوٹس لینے کی اپیل مقامی ذرائع کے مطابق کچھی کینال کا بلوچستان حصے کا زرعی پانی پنجاب راجن پور میں روک کر چوری کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے راجن پور کے علاقے ایک بااثر شخصیت فیاض دریشک نے پانی روکنے اور زرعی پانی چوری کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے جس سے بلوچستان کے اندر کچھی کینال سے زرعی کاشتکاری والے علاقے بنجر ہونے کا خدشہ پایا جا رہا ہے مقامی زمین دار اور کاشتکاروں نے حکومت بلوچستان سے نوٹس لینے اور زرعی پانی کی چوری کے تدارک و پانی کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے

گڈانی، گڈانی اور گردونواح میں زہریلے گٹکے اور ماوے کا کاروبار عروج پر

پچاس اور سو روپے میں فروخت ہونے والی سستی موت سے بچے اور خواتین بھی متاثر

گڈانی (یو این اے) گڈانی شہر و گردونواح میں زہریلے گٹکے ماوے کا کاروبار عروج پر چھوٹے بڑے مرد و خواتین حتیٰ کہ چھوٹے بچے بھی اس زہر سے نہیں بچ پا رہے ہیں کاروباری تو کاروبار کر رہے ہیں لیکن اس ماوے گٹکے کی وجہ سے لوگوں کی صحت تباہ ہو رہی ہے یہ جاننا ضروری ہے اس وقت گٹکا پچاس روپے اور ماوا سو روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے ہر دکان ہر کیبن میں ترسیل جاری ہے مالی نقصان کے ساتھ ساتھ جان بھی ضائع ہو رہا ہے لیکن انتظامیہ اس جانب مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس زہر سے کئی افراد خطرناک قسم کی بیماریوں میں بھی مبتلا ہو گئے ہیں لیکن چند افراد کی مفادات کی خاطر پورے علاقے میں بلا خوف و خطر گٹکے ماوے کی سپلائی جاری و ساری ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ طاہرہ عطا ڈپٹی کمشنر حب جمعدار مندوخیل ایس ایس پی حب مرزا بلال احمد و دیگر ذمہ داروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر گٹکے ماوے و دیگر جے ایم شیکر وغیرہ کی کاروبار پر پابندی عائد کریں تاکہ اس سستی موت کو ہمیشہ کیلئے ختم کیا جا سکے۔

گیس کی لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے، جماعت اسلامی

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امراء ڈاکٹر عطاء الرحمان اور حافظ نور علی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں سردی کی شدت بڑھنے سے پہلے گیس کی لوڈشیڈنگ اور کم پریشر کا مسئلہ حل کیا جائے۔ سردیوں میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے چلا جاتا ہے، ایسے میں گیس کی عدم دستیابی عوام کے لیے شدید مشکلات پیدا کرتی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے سرد علاقوں میں گیس کی فراہمی یقینی بنانے، لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور پریشر کی بحالی کے لیے وفاقی حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ موسم سرما کی آمد سے قبل مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ تاکہ شہریوں کو شدید سردی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ حکومت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے اور گیس کے مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرے۔ نام اور عہدے واضح کر دیں۔

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر خان ترین سے رکن صوبائی اسمبلی ملک محمد نعیم خان بازئی ملاقات کر رہے ہیں

اوستہ محمد، ٹریفک پولیس کا فینسی نمبر پلیٹس، سیاہ شیشوں اور سرچ لائٹس کیخلاف کریک ڈاؤن

متعدد گاڑیوں کا سامان ضبط، چالان پیش، عوام کی جانب سے ٹریفک حکام کی کارروائی کا خیر مقدم

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد ٹریفک پولیس نے سرچ لائٹس، ایمرجنسی الارم، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشوں والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے متعدد گاڑیوں، موٹر کاروں اور موٹر سائیکلوں سے غیر قانونی سرچ لائٹس، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشے اتار کر اپنے قبضے میں لے لیے، جبکہ خلاف ورزی کرنے والے متعدد گاڑی مالکان کے چالان بھی کیے گئے۔ ٹریفک پولیس کی کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی ٹریفک نصیر آباد ڈویژن میاں داد عمرانی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ٹریفک سارجنٹ اوستہ محمد امداد حسین ہیر کی نگرانی میں ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے شہر کے مختلف داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی چیکنگ کی۔ اس دوران قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں سے سرچ لائٹس، فینسی نمبر پلیٹس اور سیاہ شیشے اتارے گئے، جبکہ متعدد گاڑی مالکان کے چالان بھی کیے گئے۔ ٹریفک پولیس کی اس کارروائی کو عوامی حلقوں نے سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، ٹریفک قوانین پر عمل درآمد اور سڑکوں پر نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اس موقع پر ٹریفک سارجنٹ سینئر پولیس افسر سب انسپکٹر امداد حسین ہیر نے یو این اے کو کارروائی کی تفصیلات بتاتے ہوئے گاڑی مالکان کو ہدایت کی کہ وہ قانونی کارروائی اور پریشانی سے بچنے کے لیے اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں سے غیر قانونی سرچ لائٹس، فینسی نمبر پلیٹس اور غیر قانونی سیاہ شیشے فوری طور پر ہٹا دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور پولیس کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے ایک محفوظ اور منظم ٹریفک نظام کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں۔

بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی ساکھ: فیصلے کی گھڑی
وقت کا تقاضا ہے کہ میاں صاحب آج خود فیصلے کریں


تحریر۔ چوہدری شبیر بلوچستانی

سیاسی جماعتیں صرف انتخابی نشان، جلسوں اور اقتدار کی راہداریوں کا نام نہیں ہوتیں۔ وہ اس اعتماد پر کھڑی ہوتی ہیں جو کارکن اپنی قیادت پر کرتا ہے۔ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) آج اسی اعتماد کے امتحان سے گزر رہی ہے، اور یہ امتحان بروقت اور دوٹوک فیصلوں کا تقاضا کرتا ہے۔ ایسے فیصلے میاں نواز شریف کو آج خود کرنے ہوں گے۔

بلوچستان سے مسلم لیگ (ن) کا رشتہ نیا نہیں۔ میاں صاحب کے ادوار میں کوئٹہ، گوادر، خضدار، تربت اور نوشکی جیسے علاقوں میں سڑکوں، جامعات اور ترقیاتی منصوبوں کی بات ہوئی۔ نومبر 2023 میں جب وہ کوئٹہ گئے تو درجنوں سیاسی شخصیات نے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ یہ اس بات کی علامت تھی کہ بلوچستان کے سیاسی حلقوں میں آج بھی نواز شریف کا نام وزن رکھتا ہے۔

لیکن ساکھ صرف ماضی کے کارناموں سے نہیں بچتی، وہ حال کے طرزِ عمل سے بنتی اور بگڑتی ہے۔ بلوچستان میں ایک عرصے سے یہ تاثر موجود ہے کہ فیصلے مرکز میں ہوتے ہیں اور صوبے کے مخلص کارکن کو اعتماد میں نہیں لیا جاتا۔ ماضی میں ثناء اللہ زہری اور عبدالقادر بلوچ جیسے رہنماؤں نے کھل کر شکوے کیے، اور ان کا تعلق صوبائی قیادت کو نظرانداز کیے جانے کے احساس سے تھا۔ ایسی شکایات کو ذاتی رنجش کہہ کر ٹالنا آسان ہے، مگر دانش مندی انہیں تنظیمی کمزوری کی نشانی سمجھنے میں ہے۔

کارکن کسی بھی جماعت کا اصل سرمایہ ہوتا ہے۔ وہ دور دراز علاقوں میں، مشکل حالات میں، کسی عہدے یا مفاد کے بغیر پارٹی کا پرچم تھامے رکھتا ہے۔ اس کی خواہش بس اتنی ہوتی ہے کہ اس کی بات سنی جائے، اس کی محنت کو پہچانا جائے اور اس کی عزت نفس مجروح نہ ہو۔ جب فیصلے اوپر سے مسلط ہوں اور مشاورت کمزور پڑ جائے تو کارکن کا حوصلہ ٹوٹتا ہے، اور بددل کارکن کے پیچھے ووٹر بھی دور ہونے لگتا ہے۔

اس کی ایک تازہ مثال صوبائی حکومت میں شراکت داری ہے۔ حکومت کا حصہ ہونے کے باوجود مسلم لیگ (ن) کا کارکن مایوس ہے اور اتحادی حکومت کے ساتھ خود کو ہم آہنگ محسوس نہیں کرتا۔ پیپلز پارٹی کی حکومت نے مسلم لیگ (ن) سے جو وعدے کیے تھے، وہ پورے نہیں کیے جا رہے۔ محکموں میں مداخلت جاری ہے، اور برابری کی بنیاد پر معاملات چلانے کی جو بات طے ہوئی تھی، اس پر عمل نہیں ہو رہا۔ ایسے میں ڈھائی سال والے معاہدے پر عمل درآمد ناگزیر ہے۔ یہ محض سیاسی مطالبہ نہیں، کارکن کا اعتماد بحال کرنے کا تقاضا ہے، اور یہ فیصلہ بھی میاں صاحب کو خود ہی کرنا ہوگا۔

ایک اور مسئلہ نظریاتی ساتھیوں کا ہے۔ ہر جماعت میں کچھ لوگ اقتدار کے موسم میں آتے ہیں اور موسم بدلتے ہی رخ بدل لیتے ہیں، اور کچھ نظریے کی خاطر ثابت قدم رہتے ہیں۔ بلوچستان جیسے حساس صوبے کو ایسی قیادت چاہیے جو ووٹ کو عزت دو، جمہوریت کی بالادستی اور وفاق کی مضبوطی کے نظریے پر یقین رکھتی ہو۔ ایسے ساتھیوں کو آگے آنے کا موقع ملنا چاہیے تاکہ پارٹی کی بنیاد نظریے پر مضبوط ہو، محض شخصیات پر نہیں۔

یہاں ایک بنیادی اصول واضح رہنا چاہیے: بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی قیادت بلوچستان ہی کی ہونی چاہیے۔ یہ صوبائی قیادت کا حق بھی ہے اور سیاسی ضرورت بھی۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج بھی بہت سے فیصلے صوبائی قیادت نہیں کر رہی۔ پارٹی کی جانب سے مرکز میں بیٹھے ذمہ داران کے ذریعے اسلام آباد کے فیصلے بلوچستان پر مسلط کیے جاتے ہیں۔ جب صوبے کے معاملات دور بیٹھ کر طے ہوں تو صوبائی رہنما اور کارکن خود کو بے اختیار محسوس کرتے ہیں۔

اس کا حل یہ نہیں کہ بلوچستان کی قیادت کو ہٹا کر کسی اور کو بٹھا دیا جائے۔ حل یہ ہے کہ قیادت صوبائی ہاتھوں میں رہے اور مرکز سے ایک ایسا رابطہ کار ہو جو اس عمل کو سہارا دے۔ اسی لیے میری تجویز ہے کہ خواجہ سعد رفیق کو میاں نواز شریف کے نمائندے، مبصر اور کوآرڈینیٹر کے طور پر نامزد کیا جائے۔ ان کا کام فیصلے مسلط کرنا نہیں، بلکہ مقامی قیادت اور کارکنوں کی بات سننا، گروہ بندیاں کم کرنا، میرٹ پر تنظیم سازی میں مدد دینا اور صوبے کی آواز براہ راست میاں صاحب تک پہنچانا ہو۔

یہ بات میں محض سنی سنائی بنیاد پر نہیں کہہ رہا۔ میں مسلم لیگ یوتھ بلوچستان کا صدر رہا ہوں، اور اس دور میں بھی پارٹی کے بہت سے معاملات خواجہ سعد رفیق دیکھا کرتے تھے۔ میں نے قریب سے دیکھا کہ وہ بلوچستان کے ساتھیوں کی نفسیات کو سمجھتے ہیں۔ اس زمانے کے یوتھ ونگ کے کئی ساتھی آج مدر پارٹی کا حصہ ہیں، اور ان کے مزاج، حساسیت اور مسائل کو خواجہ صاحب دوسروں سے کہیں بہتر جانتے ہیں۔ یہ رشتہ دفتری احکامات سے نہیں، برسوں کی رفاقت سے بنتا ہے۔

جب مرکز سے کسی نہ کسی کو یہ ذمہ داری دینی ہی ہے تو کسی نئے اور ناآشنا چہرے کو لانے سے بہتر ہے کہ اسے خواجہ سعد رفیق جیسے منجھے ہوئے، مخلص اور آزمودہ مسلم لیگی رہنما کے سپرد کیا جائے۔ انہوں نے مشکل وقت میں پارٹی کا ساتھ نبھایا، قید و بند برداشت کی اور نظریے پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ ناقدین کہیں گے کہ ایک اور مرکزی شخصیت کی تقرری سے بھی وہی مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے جو آج ہے۔ یہ خدشہ بے جا نہیں، اسی لیے اس ذمہ داری کی حدود پہلے سے طے ہونی چاہئیں: قیادت بلوچستان کی، سہولت کاری اور رابطہ کاری خواجہ صاحب کی۔

آخر میں بات وہی ہے جو شروع میں تھی۔ مسلم لیگ (ن) کے پاس تاریخ، تجربہ اور قیادت موجود ہے۔ کمی صرف اس فیصلے کی ہے جو کارکن کو اعتماد اور نظریاتی ساتھی کو موقع دے۔ اگر میاں صاحب آج خود نوٹس لیتے ہیں، کارکن کو اعتماد دیتے ہیں، اتحادی وعدوں کی تکمیل اور ڈھائی سالہ معاہدے پر عمل درآمد یقینی بناتے ہیں اور عملی قدم اٹھاتے ہیں تو مسلم لیگ (ن) بلوچستان میں ایک مضبوط سیاسی قوت کے طور پر ابھر سکتی ہے۔ سیاست میں وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا، اور جو قیادت بروقت فیصلہ کر لیتی ہے، تاریخ اسی کو یاد رکھتی ہے۔

بابر اعظم کی ون ڈے ٹیم میں جگہ خطرے میں ہے، شعیب اختر

50 اوورز تک بیٹنگ اور بولنگ کے تقاضے پورے کرنا ایک بڑا مسئلہ ہوگا، سابق فاسٹ باؤلر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے دعویٰ کیا ہے کہ بابر اعظم کی ون ڈے ٹیم میں جگہ خطرے میں ہے اور ٹیم مینجمنٹ فارمیٹ میں ان کے مستقبل پر غور کر رہی ہے۔ شعیب اختر نے نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے میزبان سے سوال کیا ہے کہ کیا بابر اعظم کو ون ڈے ٹیم میں منتخب کریں گے؟ انہوں نے کہا ہے کہ ٹیم مینجمنٹ بابر اعظم کو ٹیم سے باہر کرنے کے امکان پر غور کر رہی ہے۔ سابق فاسٹ بولر نے کہا کہ میں بابر اعظم کے حوالے سے کوئی سنسنی یا تنازع پیدا نہیں کرنا چاہتا، بابر کو کھیلنا چاہیے اور اپنی صلاحیتوں سے ثابت کرنا چاہیے کہ وہ ون ڈے کرکٹ کے لیے موزوں کھلاڑی ہیں۔ شعیب اختر نے ون ڈے کرکٹ میں عاقب جاوید کو درپیش چیلنجز کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ 50 اوورز تک بیٹنگ اور بولنگ کے تقاضے پورے کرنا ایک بڑا مسئلہ ہوگا۔ انہوں نے اس حوالے سے اپنی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کام انتہائی مشکل دکھائی دیتا ہے، تاہم امید ہے کہ اندازہ غلط ثابت ہو۔ بابر اعظم نے دسمبر 2022 میں کراچی میں نیوزی لینڈ کے خلاف ناٹ آؤٹ 161 رنز بنانے کے بعد سے ٹیسٹ کرکٹ میں سنچری اسکور نہیں کی، ان کی آخری ون ڈے سنچری نومبر 2025 میں راولپنڈی میں سری لنکا کے خلاف ناٹ آؤٹ 102 رنز تھی، جو اس فارمیٹ میں ان کی 20 ویں سنچری ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے سری لنکا اور انگلینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز کے لیے بابر اعظم کو اسکواڈ میں شامل کیا ہے۔ اس سے قبل سلیکٹرز نے رواں ماہ سری لنکا کے خلاف 3 ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے لیے بابر اعظم کو اسکواڈ میں شامل نہیں کیا تھا، ان کا آخری ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل 24 فروری کو تھا۔

عرفات منہاس ون ڈے کرکٹ میں منفرد کارنامہ انجام دینے والے تیسرے پاکستانی بن گئے

یہ ان کے ون ڈے کیریئر میں دوسرا موقع بھی ہے جب انہوں نے پانچ یا اس سے زائد وکٹیں حاصل کیں

راولپنڈی (آئی این پی) پاکستان کے نوجوان آل راؤنڈر عرفات منہاس نے صرف 21 سال کی عمر میں ... سے زائد وکٹیں حاصل کیں۔ شاندار آل راؤنڈ کارکردگی ... کیریئر کے صرف پانچویں ون ڈے ...

... ڈے ٹیم میں موقع دینے کی تجویز بھی پیش کی۔ دوسری جانب ایک اور سابق کپتان محمد یوسف نے عرفات منہاس، حسن نواز اور سعد بیگ کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میر منہاس، رضا اللہ، معاذ صداقت، عاکف جاوید اور علی رضا بھی مستقبل کے بڑے اسٹار بن سکتے ہیں۔

آسٹریلوی کھلاڑی ساؤتھ افریقہ کیخلاف ٹیسٹ میچ میں وکٹ ملنے پر پرجوش ہے

بلوچستان ایم ایم اے چیمپئن شپ اور این ایف ٹی 5 کوالیفائرز کے مقابلے اختتام پذیر

کوئٹہ (آئی این پی) کوئٹہ میں بلوچستان ایم ایم اے چیمپئن شپ اور این ایف ٹی 5 کوالیفائرز کے سنسنی خیز مقابلے اختتام پذیر ہو گئے۔ ایوب اسپورٹس کمپلیکس میں منعقدہ بلوچستان ایم ایم اے چیمپئن شپ میں صوبے بھر سے با صلاحیت فائٹرز نے شرکت کی۔ چیمپئن شپ میں فائٹرز کے درمیان کانٹے دار مقابلے ہوئے، کھلاڑیوں نے اپنی مہارت اور صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ کھلاڑیوں کے درمیان کِک، پنچ اور شاندار داؤ پیچ کے سنسنی خیز مقابلوں نے شائقین کے دل جیت لیے۔ اس موقع پر فائٹرز نے قومی سطح پر بلوچستان کا نام روشن کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ ایونٹ کا مقصد قومی فائٹ ٹورنامنٹ کے لیے بلوچستان کے بہترین فائٹرز کا انتخاب کرنا تھا۔

پی ایس اے سیالکوٹ ویلی اوپن اسکواش ٹورنامنٹ نور زمان نے امریکی کھلاڑی کو اسٹریٹ گیمز میں شکست دیدی

اسلام آباد (آئی این پی) پی ایس اے سیالکوٹ ویلی اوپن اسکواش ٹورنامنٹ میں پاکستانی کھلاڑیوں نے شاندار آغاز کیا۔ پی ایس اے کوالا سیالکوٹ ویلی اوپن اسکواش ٹورنامنٹ امریکی شہر ... میں ...

شاہد آفریدی کا صاحبزادہ فرحان کو ون ڈے ٹیم میں موقع دینے کا مطالبہ

سیف گیمز: پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کا بڑا فیصلہ

ساؤتھ ایشین گیمز کے ایتھلیٹکس مقابلوں کیلئے خصوصی کمیٹی قائم

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے پاکستان میں آئندہ سال منعقد ہونے والی 14 ویں ساؤتھ ایشین گیمز کے ایتھلیٹکس مقابلوں کی تیاریوں اور شاندار انعقاد کیلئے اہم قدم اٹھاتے ہوئے سترہ رکنی خصوصی کمیٹی قائم کرتے ہوئے بریگیڈیئر ظفر محمود عباسی کو چیئرمین مقرر کر دیا ہے۔ پی او اے کے صدر عارف سعید کی منظوری سے سترہ رکنی کمیٹی میں پاک فوج، پاک فضائیہ، پاک بحریہ، پاکستان اسپورٹس بورڈ، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پاکستان سپورٹس بورڈ اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندے شامل کئے گئے ہیں۔ کمیٹی کے سیکرٹری کرنل نبیل احمد رانا ہوں گے، ممبران میں انجینئر آصف صدیقی، ناظمین شبانہ اختر، کمانڈر شکیل حیدر، گروپ کیپٹن سہیل منظور، محمد عمیر اسلم، ملک محمد اسماعیل، ظفر اسماعیل، ونگ کمانڈر (ر) ... میر محمد ظفر سلطان اقبال بٹ، طارق محمود، سدھو سعید کو بریشا اور شوکت بھی کمیٹی کا حصہ ہیں۔ کمیٹی ساؤتھ ایشین گیمز کے لیے ایتھلیٹکس اور ایتھلیٹوں کے انتخاب، تربیت اور تیاریوں کی نگرانی کرے گی۔ ایتھلیٹکس اسکواڈ کی ضروریات پوری کرنے، کوچنگ اور تکنیکی معاونت کے انتظامات کے ساتھ مقابلوں کی منصوبہ بندی، تنظیم اور نگرانی بھی کمیٹی کی ذمہ داریوں میں شامل ہوگی جو پاکستان اسپورٹس بورڈ، ساؤتھ ایشین گیمز کی آرگنائزنگ کمیٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔ علاوہ ازیں ایتھلیٹکس اور ایشین ایتھلیٹکس کے قواعد و ضوابط اور تکنیکی تقاضوں پر عمل درآمد بھی یقینی بنائے گی۔

عرفات منہاس جس طرح کھیلے وہ پاکستان کے لیے بہت اچھا سائن ہے، حسن نواز

انگلینڈ دنیا کی ٹاپ ٹیموں میں شمار ہوتی ہے، ہم بھی ٹاپ لیول کی ٹیموں میں آئیں گے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کے مڈل آرڈر بلے باز حسن نواز نے کہا ہے کہ عرفات منہاس جس طرح کھیلے وہ پاکستان کے لیے بہت اچھا سائن ہے کہ وقت انہیں جا رہا ہے۔ انگلینڈ دنیا کی ٹاپ ٹیموں میں شمار ہوتی ہے، ہم بھی ٹاپ لیول کی ٹیموں میں آئیں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں حسن نواز نے کہا کہ ذہن میں تھا کہ 320 تک اسکور کیا تو میچ جیت سکتے ہیں، وہ (حسن نواز) سیٹ تھے، لگتا تھا کہ 330 تک کرلیں گے لیکن بدقسمتی سے آؤٹ ہوگئے۔ اپنے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں لگتا ہے اپنی تکنیک کو بہتر کرنا پڑے گا کیونکہ انہیں لگ رہا تھا وکٹ کیپر سلو ہوگئے ہیں، اس کو بہتر کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کو بہتر کرنا ہے اور بڑی ٹیم کے خلاف پرفارمنس دینی ہے، کوشش ہے اس چیلنج کو پورا کریں۔

افغان بلے باز ون ڈے میچ میں بنگلہ دیش کے خلاف شاٹ کھیل رہا ہے

آسٹریلیا اور ساؤتھ افریقہ کے مابین کھیلے جانے والے ٹیسٹ میچ کا ایک منظر

1000 گولز کے سنگ میل کی جانب بڑھتے رونالڈو رک گئے، تیسری موقع گنوا بیٹھے

جدہ (آئی این پی) سعودی پرو لیگ میں النصر نے ٹیم کو ایک صفر سے شکست دے کر اہم کامیابی حاصل کر لی تاہم اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے لیے یہ مقابلہ مایوس کن ثابت ہوا۔ تفصیلات کے مطابق 41 سالہ پرتگالی سپر اسٹار اپنے کیریئر کے 982 ویں گول کے قریب پہنچ کر بھی کامیاب نہ ہو سکے۔ میچ کے پہلے ہاف کے ابتدائی لمحات میں النصر نے پنالٹی حاصل کی لیکن رونالڈو موقع سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہے اور ان کی کک گول پوسٹ سے باہر چلی گئی۔ یہ النصر کی جانب سے ڈومیسٹک لیگ میں ان کی 31 پنالٹی کوششوں میں پہلی ناکامی تھی۔ دوسرے ہاف کے آغاز پر بھی رونالڈو نے گول کرنے کا سنہری موقع گنوا دیا۔ ...

جب ٹیم جیتے اور آپ کی پرفارمنس ہو تو اچھا لگتا ہے، سلمان علی آغا

شروع میں کچھ گیندیں کھیلنے کے بعد پچ اچھا لگا، مجھے لگا یہاں تین سو رنز بنانے پڑیں گے، قومی ٹیم کے کپتان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی ٹیم کے مایہ ناز بیٹر سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ جب ٹیم جیتے اور آپ کی پرفارمنس ہو تو اچھا لگتا ہے، شروع میں کچھ گیندیں کھیلنے کے بعد پچ اچھا لگا، مجھے لگا یہاں تین سو رنز بنانے پڑیں گے۔ گزشتہ روز سری لنکا کے خلاف کھیلے گئے میچ کے پلیئر آف دی میچ سلمان علی آغا نے پی سی بی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب ٹیم جیتے اور آپ کی پرفارمنس ہو تو اچھا لگتا ہے۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ڈومیسٹک کھیل کر آ رہا ہوں، وہی فارم کام آئی ہے، کافی خوش ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میری تکنیک میں مسئلہ آ رہا تھا، ڈومیسٹک میں جا کر اس پر کام کیا۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ شروع میں کچھ گیندیں کھیلنے کے بعد پچ اچھا لگا، مجھے لگا یہاں تین سو رنز بنانے پڑیں گے۔

ون ڈے کرکٹ میں ریورس سوئنگ کی واپسی، بیٹرز کیلئے مشکلات بڑھ گئیں

پاکستان کے شاہین آفریدی اور نسیم شاہ سمیت کئی عالمی بولرز کے لیے بھی یہ تبدیلی اہم ثابت ہو سکتی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میں کھیلنے کے قوانین میں تبدیلی کے بعد ریورس سوئنگ ایک بار پھر اہم ہتھیار بن کر سامنے آ گئی ہے۔ ... 2025 ... سمیت کئی عالمی بولرز کے لیے بھی یہ تبدیلی اہم ثابت ہو سکتی ہے۔ شاہین آفریدی اوورز میں اوسطاً 1.3 ڈگری سوئنگ حاصل کر رہے ہیں تاہم ریورس سوئنگ میں اضافہ ...

فیفا کا ایشیائی خطے کے لیے نئے فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد پر غور

مجوزہ ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان

نیویارک (این این آئی) فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے ہمالیہ کپ کے نام سے نیا علاقائی فٹبال ٹورنامنٹ کرانے پر غور شروع کر دیا۔ مجوزہ ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان ہے۔ مالدیپ اور سری لنکا کو بھی مجوزہ ٹورنامنٹ میں شامل کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش، افغانستان، چین اور میانمار بھی ممکنہ طور پر اس میں شامل ہو سکتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق نئے ٹورنامنٹ کا مقصد جنوبی ایشیائی ممالک کو بین الاقوامی فٹبال کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے۔ فیفا صدر جیانی انفینٹینو کے دورہ بنگلہ دیش اور بھوٹان میں علاقائی فٹبال کے فروغ کے لیے مشاورت کی گئی۔

کترینہ کا بڑھتا ہوا وزن، سوشل میڈیا پر حیران کن بحث چھڑ گئی

ایک ماں کے جسم اور وزن کے بارے میں اس طرح کے تبصرے کرنا کہاں کا انصاف ہے، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اداکارہ کترینہ کیف کا بڑھتا ہوا وزن سوشل میڈیا پر موضوع بحث بن گیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر کترینہ کیف کے بارے میں ہونے والی بحث حیران کن ہے۔ حال ہی میں اداکارہ اپنے شوہر وکی کوشل کے ساتھ امباتی خاندان کے گھر منعقدہ ایک تقریب میں شریک ہوئیں۔ تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں، اس موقع پر بعض صارفین نے تبصرہ کیا کہ ماں بننے کے بعد کترینہ موٹی نظر آ رہی ہیں، جبکہ بعض نے ان میں تبدیلیوں پر تبصرے کیے۔ رپورٹس کے مطابق بعض صارفین نے پرانی تصاویر سے موازنہ کرتے ہوئے ان کے وزن سے متعلق بحث شروع کر دی اور انہیں ٹرول کرتے ہوئے کہا کہ ان کا وقت ختم ہو گیا اور بڑھاپا آ گیا ہے۔ صارفین نے سوال اٹھایا ہے کہ ایک ماں کے جسم اور وزن کے بارے میں اس طرح کے تبصرے کرنا کہاں کا انصاف ہے۔ اداکارہ کے چاہنے والوں نے کہا کہ کسی خاتون کا احترام صرف اس کی ظاہری شکل سے طے نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس کی صلاحیت، محنت اور کامیابیاں زیادہ اہم ہیں۔ واضح رہے کہ کترینہ کیف نے 2003 میں فلم بوم سے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز کیا تھا اور اس کے بعد بے شمار فلموں میں جاندار اداکاری سے اپنی کامیابیوں کا لوہا منوایا۔

آشا بھوسلے کو خراجِ عقیدت میوزک ویڈیو میں اے آئی کا استعمال، اے آر رحمٰن کا دفاع

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ کے آسکر ایوارڈ یافتہ موسیقار و گلوکار اے آر رحمٰن نے آنجہانی گلوکارہ آشا بھوسلے کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے بنائی گئی میوزک ویڈیو میں اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے کا دفاع کر دیا۔ اے آر رحمٰن نے واضح کیا ہے کہ آشا بھوسلے کو خراجِ عقیدت پیش ... ڈیجیٹل شکلیں تیار کی گئی ہیں کیونکہ میوزک ویڈیو کی شوٹنگ کے لیے تمام اداکاروں کو حقیقت میں ایک ساتھ اکٹھا کرنا ممکن نہیں تھا۔ گلوکار نے کہا کہ میں نے اپنی میوزک ویڈیو میں موسیقی اور آواز کے حوالے سے مکمل طور پر حقیقی انسانی ریکارڈنگز استعمال کی ہیں، اے آئی کو صرف بصری مقاصد ...

بھارتی موسیقار سلیم مرچنٹ نے فلمی موسیقی چھوڑنے کی وجہ بتا دی

میں اب فلموں کے لیے گانے نہیں بناتا کیونکہ یہ اب آرٹ نہیں رہا بلکہ کام بن گیا ہے

ممبئی (این این آئی) بھارتی موسیقار سلیم مرچنٹ نے فلمی موسیقی سے کنارہ کشی کرنے کی وجہ سے پردہ اٹھا دیا اور کہا ہے کہ کووڈ کے دوران یہ احساس ہوا کہ فلمی موسیقی مجھے خوشی نہیں دے رہی۔ ایک انٹرویو میں سلیم مرچنٹ نے بتایا کہ میں اب فلموں کے لیے گانے نہیں بناتا کیونکہ یہ اب آرٹ نہیں رہا بلکہ کام بن گیا ہے۔ موسیقار کے مطابق فلموں کے لیے گانے بنانا اب اس لیے مشکل ہو گیا ہے کیونکہ اس پورے عمل میں بہت سے لوگوں کی شمولیت ہوتی ہے، جس کے نتیجے میں فن کا اصل مفہوم ہی متاثر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسیقی محض ایک بیٹ بن کر رہ گئی ہے، آپ کو زیادہ وقت بہت سے لوگوں سے رابطہ کرنا پڑتا ہے، اب معاملہ صرف ہدایت کار تک محدود نہیں، بلکہ پروڈیوسر، ریکارڈ لیبل، اداکار اور بعض اوقات نیٹ فلکس جیسے پلیٹ فارم تک بھی بات پہنچ جاتی ہے۔ سلیم مرچنٹ کے مطابق اس طویل اور پیچیدہ عمل کے اختتام تک گانا اپنی اصل روح کھو دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ میں نے گزشتہ 5 سال میں کسی فلم کے لیے موسیقی ترتیب نہیں دی۔ سلیم مرچنٹ کے اس بیان کے بعد بعض مداح قیاس آرائیاں کر رہے ہیں کہ ممکنہ طور پر ارجیت سنگھ نے بھی اسی وجہ سے فلمی موسیقی سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا تھا۔

انیل کپور نے اپنی کامیابی کا کریڈٹ بیٹیوں کو دیدیا

بیٹیاں والد کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہوتیں، انیل کپور کی گفتگو



موت کے 40 سال بعد پہچان پانے والا شاعر

مصنف: ہرمن دیپ سنگھ

"اُس بے وفا دی یاد وچ رویاں کراں گا ہاں
جیتے ماں وی قبر بناں کراں گا ہاں"

بہت سے لوگوں نے یہ پنجابی غزل اکثر کئی معروف فنکاروں کی آواز میں سنی ہوگی، لیکن یہ غزل کہنے والے شاعر ہمیشہ گمنام ہی رہے۔ اس غزل کو پاکستان کے معروف اور سرحد پار کے گلوکاروں بشمول نصرت فتح علی خان، اکرم راہی، مراتب علی اور لعبیواول نے بھی گایا ہے۔ کئی بار اس پنجابی غزل کی تخلیق کا سہرا شیو کمار بٹالوی کے سر باندھا گیا، جس کے باعث اصل شاعر کا نام مزید پردے کے پیچھے چلا گیا۔ پنجابی ادب سے وابستہ کئی شخصیات نے ماضی میں کوشش کرکے اس شاعر کو تلاش کرنے کی کوشش کی مگر کوئی خاص کامیابی نہ مل سکی۔ درحقیقت یہ ہے کہ یہ غزل سنہ 1986 میں وفات پانے والے پنجابی شاعر تسکیمبیر سنگھ سندھو کی تھی۔ ان کی موت کے 40 سال بعد اب ان کی معروف غزلوں اور کلام کو دوبارہ کتابی شکل دی گئی ہے۔ تسکیمبیر سنگھ سندھو نے اپنی زندگی میں بھی اپنے کام کو ایک کتاب کی صورت دی تھی، لیکن وہ کتاب کبھی منظر عام پر نہ آ سکی اور بحثیں ...

غزلوں کی کتاب شائع کروانے کا فیصلہ کیا تھا۔ اس وقت پنجابی کتابیں شائع کرنے والے تمام ناشر انڈیا کے شہر امرتسر میں تھے۔ تسکیمبیر بھلر کے مطابق تسکیمبیر کے گھر کے قریب ہی ایک پرنٹنگ پریس تھی۔ اس پرنٹنگ پریس میں عام طور پر کتابیں اشاعت کے لیے نہیں آتی تھیں، لیکن ہمسائیگی کے باعث پرنٹنگ والے وہ کتاب چھاپنے پر آمادہ ہو گئے۔ تسکیمبیر نے اپنی کتاب کا نام اپنے ریسٹورنٹ کے نام پر 'پائل' رکھا تھا۔

اسپکٹر اور انگلینڈ میں سپروائزر کے طور پر بھی کام کیا۔ ترن تارن میں ہی تسکیمبیر سنگھ نے 'پائل ہوٹل اینڈ ریسٹورنٹ' بھی قائم کیا تھا۔ لندن میں وہ پنجابی ساہت سبھا کے جنرل سیکریٹری بھی رہے۔ محکمہ تعلقات عامہ میں انہوں نے کچھ عرصہ ملازمت کی۔ اس کے بعد وہ انگلینڈ چلے گئے۔ کافی عرصہ وہاں رہنے کے بعد وہ واپس ترن تارن آئے اور ریسٹورنٹ کھول لیا۔ انگلینڈ میں وہ ساؤتھ ہال میں رہتے تھے۔

ان کے بقول پرنٹنگ پریس نے کتاب کی 1100 کاپیاں چھاپ دیں، لیکن ان کے پاس ...

وہ گمنامی سے کیسے نکلے؟ شاعر پروفیسر ترجمن سنگھ گل بتاتے ہیں کہ میں 'بے وفا دی یاد' غزل بہت بار سن چکا تھا۔ دل شکستہ عاشق آخر یہ غزل ...

ہمت معیشت

مہنگائی کا طوفان اور غریب عوام

شاہنواز فاروقی

ایک وقت تھا کہ مہنگائی اور غربت ایک ''واقعہ'' تھیں۔ 20ویں صدی کے وسط تک آتے آتے مہنگائی اور غربت ''حادثہ'' بن گئی اور اب 21ویں صدی میں مہنگائی اور غربت ''سانحہ'' بن کر سامنے آ رہی ہیں۔ جس دور میں مہنگائی اور غربت ''واقعہ'' تھیں اس زمانے میں غربت کو ایک ''تقدیری امر'' سمجھا جاتا تھا اور انسانوں کی عظیم اکثریت تقدیر کو بہ رضا و رغبت قبول کرتی تھی۔ مگر بیسویں صدی میں غربت کے تقدیری امر ہونے کا خیال پس منظر میں چلا گیا اور انسانی کاوش کو اساسی اہمیت حاصل ہوگئی۔ 21ویں صدی کا تجربہ یہ ہے کہ 21ویں صدی میں چین نے 70 کروڑ لوگوں کو غربت سے نکالا ہے اور بھارت نے 40 سال میں 35 کروڑ کی مڈل کلاس پیدا کر کے دکھائی ہے۔ چنانچہ ہمارے عہد میں غربت جس طرح ناقابل قبول ہوئی ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ یہی وجہ ہے کہ اب غربت جہاں ہو ایک سانحہ نظر آتی ہے۔ اس منظرنامے میں مہنگائی اور غربت کا پھیلاؤ، ایک طوفان بن کر اٹھا ہے اور اس نے امریکہ، جرمنی اور برطانیہ جیسے ملکوں کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر مہنگائی اور غربت کے طوفان سے

امریکہ، جرمنی اور برطانیہ لرزہ براندام ہوں گے تو پاکستان اور اس جیسے درجنوں ملکوں کا کیا حال ہوگا۔

پاکستان میں 1970ء کی دہائی ذوالفقار علی بھٹو کی دہائی تھی۔ ان کا نعرہ روٹی کپڑا اور مکان فضا میں گونج رہا تھا۔ اس نعرے کا اثر صرف پاکستان پر نہیں تھا۔ اس نعرے نے ہندوستان کے ذہن کو بھی متاثر کیا تھا۔ اس کا ایک ثبوت یہ ہے کہ بھارت کے ممتاز اداکار اور پروڈیوسر منوج کمار نے بھٹو کے مذکورہ نعرے سے متاثر ہو کر روٹی، کپڑا اور مکان کے عنوان سے ایک کمرشل فلم بنا ڈالی تھی جو باکس آفس پر ہٹ ہوئی تھی۔ 1970ء کی دہائی غربت کی دہائی تو تھی مگر آج کے تناظر میں مہنگائی کی دہائی نہیں تھی۔ اس زمانے میں اشیائے صرف کے نرخ برسوں تک ایک سطح پر منجمد رہتے تھے۔ البتہ کبھی کبھار کچھ چیزوں کی قیمتیں بڑھ بھی جاتی تھیں چنانچہ ہر طرف ہنگامہ آ جاتا تھا۔ روٹی، کپڑا اور مکان میں منوج کمار نے نہ صرف یہ کہ غربت اور مہنگائی کو موضوع بنایا بلکہ ایک طویل گیت بھی فلم میں شامل کیا۔ گیت کیا ہے مہنگائی کا نوحہ ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان

میں کبھی مہنگائی اور غربت کو فلم کا موضوع ہی نہیں بنایا گیا۔ منوج کمار کی فلم روٹی، کپڑا اور مکان میں مہنگائی کے حوالے سے موجود گیت یہ تھا:

اس نے کہا تو کون ہے
میں نے کہا الفت تری — ہائے مہنگائی، مہنگائی، مہنگائی
اس نے کہا تکتا ہے کیا — دہائی ہے دہائی ہے دہائی
میں نے کہا صورت تری — تو کہاں سے آئی
اس نے کہا چاہتا ہے کیا — تجھے کیوں موت نہ آئی
میں نے کہا چاہت تری — ہائے مہنگائی، مہنگائی، مہنگائی
اس نے کہا سمجھا نہیں — شکر میں یہ آٹے کی ملائی مار گئی

پاوڈر والے دودھ کی ملائی مار گئی
راشن والی لین کی لمبائی مار گئی
جنتا جو چیخی، چلائی مار گئی
باقی کچھ بچا تو مہنگائی مار گئی

☆☆☆

غریب کو تو بچے کی پڑھائی مار گئی
بیٹی کی شادی اور سگائی مار گئی
کسی کو تو روٹی کی کمائی مار گئی
کپڑے کی کسی کو سلائی مار گئی
کسی کو مکان کی بنوائی مار گئی

☆☆☆

جیون کے بس تین نشان
روٹی، کپڑا اور مکان
ڈھونڈ کر ہر انسان
کھو بیٹھا ہے اپنی جان
جو سچ بولا تو سچائی مار گئی
باقی کچھ بچا تو مہنگائی مار گئی

میں نے کہا قسمت مری
ایک ہمیں آنکھ کی لڑائی مار گئی
دوسری یہ یار کی جدائی مار گئی
تیسری ہمیشہ کی تنہائی مار گئی
چوتھی یہ خود کی خواہش مار گئی
باقی کچھ بچا تو مہنگائی مار گئی
مہنگائی مار گئی

طبیعت ٹھیک تھی اور دل بھی بے قرار نہ تھا
یہ جب کی بات ہے جب کسی سے پیار نہ تھا
جب سے پریت سپنوں میں سمائی مار گئی
من کے میٹھے درد کی گہرائی مار گئی
نینوں سے یہ نینوں کی سگائی مار گئی
سوچ سوچ میں جو سوچ آئی مار گئی
باقی کچھ بچا تو مہنگائی مار گئی
مہنگائی مار گئی

کیسے وقت میں آ کے دل کو دل کی لگی بیماری
مہنگائی کے دور میں ہو گئی مہنگی یار کی یاری
دل کی لگی دل کو جب لگائی مار گئی
دل نے دی جو پیار کی دہائی مار گئی
دل کی بات دنیا کو بتائی مار گئی
دل کی بات دل میں جو چھپائی مار گئی
باقی کچھ بچا تو مہنگائی مار گئی
مہنگائی مار گئی

پہلے مٹھی میں پیسے لے کر
تھیلا بھر شکر آتی تھی
اب تھیلے میں پیسے جاتے ہیں
مٹھی میں شکر آتی ہے

پاکستان میں 1990ء کی دہائی معاشی استحکام کی دہائی تھی لیکن اس وقت بھی زیریں متوسط اور غریب طبقے کی حالت دگرگوں تھی۔ ایک روز ہم صبح گیارہ بجے گھر سے نکلے اور رات ساڑھے دس بجے دفتر سے گھر پہنچے۔ ہماری بیوی نے کہا کہ آپ تھکے ہوئے ہیں۔ آپ ٹھہریں میں فلیٹ کے سامنے موجود تنور سے روٹی لے آتی ہوں۔ اب ہم بچوں کے ساتھ دسترخوان پر بیگم صاحبہ کی واپسی کا انتظار کرنے لگے مگر وہ آ کر ہی نہیں دے رہیں۔ کافی انتظار کے بعد وہ واپس آئیں تو بتانے لگیں کہ ہمارے فلیٹ کے پاس آغا خان کی ڈسپنسری کے سامنے ایک عورت چھوٹے سے بچے کو لیے کھڑی تھی۔ وہ نہ ڈسپنسری میں جا رہی تھی نہ وہاں سے ہٹ رہی تھی۔ ہماری بیگم صاحبہ نے اس سے پوچھا کہ کیا مسئلہ ہے۔ عورت نے کہا میرا بچہ بیمار ہے۔ اسے ڈاکٹر کو دکھانا ہے۔ ہماری بیگم صاحبہ نے کہا کہ ڈسپنسری میں ڈاکٹر کو دکھا دو۔ عورت کہنے لگی کہ میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔ آپ کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ اس وقت ڈسپنسری کے ڈاکٹر کی فیس صرف 15 روپے تھی اور ایسی عورت کے پاس 15 روپے نہیں تھے۔ ہماری بیگم نے اسے 15 روپے دیے اور اسے ڈاکٹر پاس لے کر گئیں۔ تقریباً اسی زمانے میں ہم ایک روز رات کو نارتھ ناظم آباد کے ایک پرائیوٹ کلینک میں ڈاکٹر صاحب کے پاس پہنچے تو دیکھا کہ ان کا کلینک خالی پڑا ہے۔ ہم نے ازراہ تفنن کہا کہ کیا لوگوں نے بیمار ہونا چھوڑ دیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب ہماری بات سن کر مسکرائے کہنے لگے نہیں لوگوں نے بیمار ہونا بند نہیں کیا۔ آج پاکستان اور بھارت کا میچ آ رہا ہے لوگ میچ دیکھ کر کلینک آئیں گے۔ ہم نے ڈاکٹر صاحب کو فارغ دیکھ کر پوچھا کہ یہ تو سنا ہے کہ آپ کے پاس جو مریض آتے ہیں ان میں سے کچھ لوگ آپ سے ڈسکاؤنٹ مانگتے ہیں یا نہیں؟ ڈاکٹر صاحب کہنے لگے کہ جب سردیوں میں نزلہ زکام پھیل جاتا ہے تو بعض گھروں میں ایک بچے سے نزلہ زکام تمام بچوں کو لگ جاتا ہے اور پھر لوگ تین تین چار چار بچوں کی دوا لینے آتے ہیں، ایسے لوگ مجھ سے فیس میں رعایت کرنے کو کہتے ہیں۔ واضح رہے کہ کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد کا ایک کلینک تھا اور ڈاکٹر صاحب کی فیس صرف 40 روپے تھی۔

یہ غالباً 1995-96ء کی بات ہے۔ ایک دن ہم نے اپنے ایک کم عمر بھتیجے سے پوچھا کہ آج کل تم اپنی خالہ کے یہاں نہیں جا رہے۔ خیریت تو ہے؟ کہیں اپنی خالہ زاد بہنوں سے تمہارا جھگڑا تو نہیں ہو گیا۔ کہنے لگا ایسی بات نہیں ہے۔ ہم نے کہا پھر تم نے اپنی خالہ کے یہاں جانا کیوں چھوڑا ہوا ہے۔ کہنے لگا کہ میں ان کے گھر جاتا ہوں تو وہ کھانے کے وقت مجھ سے کھانا کھانے کو کہتے ہیں۔ ہم نے کہا کہ بھئی خالہ کے گھر کھانا کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ کہنے لگا کہ مسئلہ یہ ہے کہ ان کے گھر پر روز دال پکتی ہے اور میں روز دال نہیں کھا سکتا۔ ہم نے کہا ہر روز دال پکتی ہے کہنے لگا کہ ہاں ہر روز دال پکتی ہے۔ یہ اس گھر کا احوال تھا جہاں شوہر اور بیوی دونوں کماتے تھے۔

اسی زمانے میں ہمارے کچھ دوستوں نے کہا کہ شاہنواز بھائی آپ کے شائع شدہ کالموں کا کیا حال ہے۔ آپ ان کو محفوظ کر رہے ہیں یا وہ یونہی پڑے ہوئے ہیں۔ ہم نے کہا وہ یونہی پڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کے پاس دو لڑکے بھیج دیتے ہیں۔ وہ صبح نو بجے آپ کے گھر آ جایا کریں گے اور شام پانچ بجے تک آپ کے کالموں کو رجسٹروں میں چپکا دیں گے۔ اس طرح آپ کے کالم دیر تک محفوظ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ان لڑکوں کو دوپہر کا کھانا کھلا دیجیے گا باقی معاملات ہم دیکھ لیں گے۔ چنانچہ ہمارے یہاں دو لڑکے صبح نو بجے آنے لگے۔ ہمارے گھر میں جو کچھ پکتا انہیں کھلا دیتے۔ لیکن چار پانچ دنوں بعد انہوں نے ہمارے دوستوں سے ہماری شکایت کر ڈالی۔ کہنے لگے کہ وہ ہمارے لیے اہتمام سے کھانا پکواتے ہیں۔ ہمارے دوستوں نے ہم سے کہا کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں۔ ہم نے عرض کیا کہ ہم کوئی خصوصی اہتمام نہیں کر رہے جو کچھ پکتا ہے ان کے آگے رکھ دیتے ہیں۔ بہرحال ہم نے ان لڑکوں سے اگلے دن کہا کہ آپ نے تو ہماری شکایت کر دی حالانکہ ہم آپ کو کوئی فائیو اسٹار کھانا نہیں کھلا رہے۔ ہمارے گھر دال پکتی ہے تو آپ کو دال کھلا دیتے ہیں۔ مرغی پکتی ہے تو مرغی کھلا دیتے ہیں۔ ہماری بات سن کر ان میں سے ایک لڑکا جذباتی ہو گیا۔ کہنے لگا سر مسئلہ یہ ہے میرے گھر میں ڈیڑھ مہینوں سے فاقوں کا راج ہے۔ ہم دن میں صرف ایک وقت کھانا کھا پاتے ہیں۔ اب ایک ماہ پہلے میری دو بہنوں کو ایک فیکٹری میں ملازمت ملی ہے چنانچہ ایک ماہ سے ہم دن میں تین وقت کچھ کھا رہے ہیں۔ چنانچہ آپ کے گھر کا کھانا ہمیں واقعتاً پرتعیش محسوس ہوا۔ ہم سمجھے آپ ہمیں شعوری طور پر اچھا کھانا کھلانے کا اہتمام کر رہے ہیں۔ آج سے اٹھارہ بیس سال پہلے روزنامہ جنگ کراچی میں اتوار کے روز ایک کالم شائع ہوتا تھا۔ کالم نویس غریبوں کی کسی بستی میں چلا جاتا تھا اور کسی بھی غریب گھر کے سربراہ سے پوچھتا تھا کہ آپ کی آمدنی اور اخراجات کا کیا معاملہ ہے۔ اس کالم میں ملک کے سب سے بڑے اور سب سے امیر شہر کے شہریوں کی دلدوز کہانیاں شائع ہوتی تھیں۔ اس کالم میں ایک بوڑھی عورت نے بتایا کہ اس کے پوتے پوتیاں کئی ماہ سے چڑیا گھر جانے کی ضد کر رہے ہیں مگر میں ان کو لے کر نہیں جا سکتی کیونکہ میرے پاس بسوں کے کرائے کے پیسے نہیں ہیں۔ ایک صاحب نے بتایا کہ ان کے یہاں سال میں صرف ایک بار گوشت پکتا ہے اور وہ بھی اس وقت جب عیدالاضحیٰ پر کسی کے یہاں سے گوشت آ جاتا ہے۔ ایک خاتون نے بتایا کہ وہ سبزیاں شام کے وقت خریدتی ہیں کیونکہ اس وقت ٹھیلے والوں کے پاس سبزیوں کی تلچھٹ باقی رہ جاتی ہے جو سستی ہوتی ہے۔ اس خاتون نے بتایا کہ اس کی بیٹی کی شادی محلے والوں نے پیسے جمع کر کے کی ہے۔ ایک صاحب نے بتایا کہ گھر میں کسی کو بخار ہو جاتا ہے تو ہم لوگ ڈاکٹر کے پاس نہیں جاتے۔ بخار اتارنے والی گولیاں میڈیکل اسٹور سے خرید کر کام چلا لیتے ہیں۔

یہ بہتر ''معاشی زمانے'' کا منظرنامہ تھا مگر آج تو یہ صورت حال ہے کہ امریکہ، جرمنی اور برطانیہ جیسے امیر ملکوں میں مہنگائی اور غربت نے کروڑوں لوگوں کا جینا حرام کر دیا ہے۔ روزنامہ جنگ کراچی کی ایک خبر کے مطابق امریکہ میں مہنگائی کا 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔ امریکہ کے سرکاری اعداد و شمار میں انکشاف ہوا ہے کہ ملک میں مہنگائی کی شرح 30 سال کی بلند ترین سطح پر ہے۔ اس صورت حال کے بعد امریکہ کے صدر جو بائیڈن نے عزم ظاہر کیا ہے کہ وہ مہنگائی کے مسئلے سے خود براہ راست نمٹیں گے۔ صدر جو بائیڈن نے تسلیم کیا کہ امریکی شہری روز مرہ اشیائے ضرورت کے لیے بہت زیادہ ادائیگی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کی معاشی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیروزگاری میں کمی واقع ہوئی ہے۔ لیکن اشیاء کی خریداری کے لیے قیمتیں بہت زیادہ ہیں۔'' (روزنامہ جنگ کراچی۔ 12 نومبر 2021ء)

روزنامہ امت کراچی کی ایک خبر کے مطابق برطانیہ میں مہنگائی کے سبب فوڈ بینکس (خیراتی اداروں) پر عوام کا رش بڑھ گیا ہے۔ ملک میں توانائی کے ذرائع کی قیمتیں بڑھنے سے عوام بلوں کی ادائیگی یا پھر راشن کی خریداری میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے پر مجبور ہیں۔ مہنگائی سے تنگ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کے سبب گھروں کو گرم رکھنا ضروری ہے۔ تاہم بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے وہ فوڈ بینکس کا رخ کر رہے ہیں۔ ایک فوڈ بینک کے ذمہ دار نے بتایا کہ اس کے بینک سے استفادہ کرنے والوں کی تعداد میں 400 افراد کا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس وہ لوگ بھی آ رہے ہیں جن کے بارے میں سوچا بھی نہیں جا سکتا کہ وہ بھی خیراتی ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔ ایک فوڈ بینک کے ذریعے نے بتایا کہ ان کے فوڈ بینک سے استفادہ کرنے والوں میں اساتذہ، ٹینس کے کھلاڑی اور دیگر ملازمت پیشہ افراد شامل ہیں۔

روزنامہ امت کی ایک خبر کے مطابق جرمنی میں مہنگائی کا 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق گیس اور پیٹرولیم کے نرخوں میں اضافے سے افراط زر بڑھ گیا ہے۔ مہنگائی میں اضافے سے عوام پریشان ہیں۔ (روزنامہ امت۔ یکم دسمبر 2021ء)

اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ امریکہ، جرمنی اور برطانیہ میں اگر مہنگائی قہر ڈھا رہی ہے تو پاکستانی معاشرے کا کیا حال ہوگا۔ پاکستان کی آبادی اس وقت 22 کروڑ ہے اور ملک میں 10 کروڑ افراد خط غربت سے نیچے کھڑے ہیں۔ وہ لوگ ہیں جن کی یومیہ آمدنی ایک ڈالر اور دو ڈالر کے درمیان ہے۔ ایک وقت تھا کہ کہا جاتا تھا کہ 20 ہزار روپے میں گھر نہیں چلایا جا سکتا۔ اب صورت حال یہ ہے کہ جس گھر میں ماہانہ 50 ہزار روپے آ رہے ہیں وہاں بھی ماہانہ بجٹ بنانا مشکل ہو گیا ہے۔ خاص طور پر ان لوگوں کے لیے جو کرائے کے مکانوں میں رہتے ہیں۔ اس لیے کہ اب گھروں کے کرائے آسمان سے باتیں کر رہے ہیں۔ آج سے دس بارہ سال پہلے ہمارے فلیٹ میں بجلی کا ماہانہ بل پانچ سو روپے ہوتا تھا آج ساڑھے آٹھ ہزار روپے ہوتا ہے۔ حالانکہ ہمارے گھر میں اے سی بھی موجود نہیں۔ جب 1991ء میں ہم نے جامعہ کراچی سے ایم اے کیا تھا تو ہمارے آخری سمسٹر کی فیس ساڑھے چار سو روپے تھی۔ اب ہمارا بیٹا جامعہ کراچی میں ایم اے کا طالب علم ہے اور اس کے ایک سمسٹر کی فیس 12 ہزار روپے

ہے۔ جب ہم جامعہ کراچی میں تھے تو جامعہ کراچی کی اپنی شٹل سروس تھی اور اس کا ایک طرف کا کرایہ ایک روپیہ تھا۔ آج جامعہ کراچی کی شٹل سروس تقریباً غیر موجود ہے اور اب بسوں کے ذریعہ جامعہ کراچی جانے کے لیے طالب علم کو بسوں کے کرائے کے لیے ساٹھ ستر روپے درکار ہیں۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو ہم مہنگائی اور غربت کے حوالے سے معاشی قتل عام کے عہد میں سانس لے رہے ہیں۔ غربت اتنی ہولناک چیز ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حدیث شریف میں ایسی غربت سے اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب کرنے کو کہا جو انسان کو کفر تک لے جاتی ہے۔ اس حدیث مبارک سے ثابت ہوتا ہے ابتدا میں غربت صرف معاشی ہوتی ہے مگر وہ دیکھتے ہی دیکھتے روحانی غربت، نفسیاتی غربت، ذہنی غربت، اخلاقی غربت اور جذباتی غربت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ایسی غربت انسان سے اس کی انسانیت چھین لیتی ہے۔ ایسی غربت انسان کے وقار پر ڈاکہ ڈال دیتی ہے۔ اس سلسلے میں منشی پریم چند کا افسانہ کفن، کلاسیک کا درجہ رکھتا ہے۔ اس افسانے کے دو مرکزی کردار غربت کی وجہ سے ایسے حیوان بن جاتے ہیں کہ اپنے گھر کی عورت کا کفن تک بیچ کھاتے ہیں۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو مہنگائی اور غربت

کا مقامی اور عالمی طوفان کروڑوں لوگوں کی روحانیت، اخلاقیات، نفسیات اور ذہنی صحت کے لیے بہت بڑا خطرہ ہے۔

☆☆☆☆

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال دار ہونے میں کوئی خطرہ نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال داری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور انبساط اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران اور مشرق وسطی میں امن کا قیام

مشرق وسطی کی موجودہ صورتحال میں استحکام کی کوئی بھی کوشش اس وقت تک نتیجہ خیز نہیں ہو سکتی جب تک ایران کے کردار کو سنجیدگی سے نہ لیا جائے۔ پاک فوج کے سربراہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا حالیہ دورہ تہران کچھ دیگر معاملات کے علاوہ اسی حقیقت کا اعتراف ہے۔ یہ دورہ ایسے وقت میں ہوا جب خطہ جنگ، پابندیوں، بحری راستوں کے خطرات اور بیان بازی کے بوجھ تلے دبا ہے۔ تہران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال، سفارتی عمل اور کشیدگی میں کمی سمیت مختلف عالمی مسائل پر تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے بھی الگ ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں کے دوران ہونے والی بات چیت کے موضوعات بتاتے ہیں کہ پاکستان اس معاملے کو صرف دو طرفہ تعلقات کے زاویے سے نہیں دیکھ رہا۔ اس کی نظر اس پورے علاقائی منظرنامے پر ہے جس میں ایک غلط قدم بڑی تباہی کا سبب بن سکتا ہے۔ رواں برس فروری کے آخر میں امریکا اور اسرائیل کی صیہونی ریاست کے ایران پر کیے گئے دہشت گرد حملے کے بعد سے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا یہ تہران کا چھٹا دورہ تھا۔ اس غیر معمولی پیش رفت سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ امریکا ایران کشیدگی کے دوران پاکستان نے دنیا کے زیادہ تر ممالک کی طرح خود کو محض ایک خاموش تماشائی بنانے کی بجائے رابطہ کار کے طور پر پیش کیا ہے اور یہ کردار اسے ایک مشکل مگر اہم مقام پر رکھتا ہے۔ ایران کی اعلیٰ قومی سلامتی کونسل کے سیکرٹری بریگیڈیئر جنرل محسن رضائی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے ساتھ ہونے والی ملاقات میں ایران کا موقف نہایت دوٹوک انداز میں پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران میں افزودہ کیا گیا تمام جوہری مواد ملک ہی میں رہے گا اور اس کا ایک ذرہ بھی باہر نہیں جائے گا۔ انہوں نے اسے ایرانی عوام کا بڑا سرمایہ اور قومی دولت قرار دیا جو ملک کے اندر ہی استعمال ہوگی۔ یہ بیان واضح کرتا ہے کہ جوہری معاملہ اب تہران کے لیے محض تکنیکی یا قانونی مسئلہ نہیں رہا بلکہ قومی وقار اور خودمختاری کا سوال بن چکا ہے۔ دوسری طرف صدر پزشکیان کا لہجہ نسبتاً نرم رہا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے علاقائی ممالک کے ساتھ کوئی بنیادی اختلاف نہیں اور موجودہ مسائل مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کے لیے ایران تیار ہے۔ رپورٹوں کے مطابق دورہ اس دورے سے چند دن پہلے ہی کہہ چکے تھے کہ جنگ ایسے وقت ختم ہونی چاہیے جب ایران کو برتری حاصل ہو۔ سخت گیر سلامتی بیانیے اور سیاسی قیادت کی اس لچک دار آواز کے درمیان فرق نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ممکن ہے یہ تقسیم محض حکمت عملی ہو جس کے ذریعے ایران معاملات کو مختلف سطحات پر آگے بڑھانا چاہ رہا ہو۔ اسی دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔ ریاست کنساس میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کے خلاف جنگ سے جلد نکل سکتا ہے مگر ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ایران کے معاملے پر امریکا کو یورپی ممالک کی مدد درکار بھی نہیں یورپ ساتھ نہیں کھڑا ہوا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یورپ نے اپنا رویہ نہ بدلا تو امریکا کو یورپ سے الگ ہونا پڑ سکتا ہے۔ ٹرمپ نے مدد مانگنے کو ایک امتحان قرار دیا اور کہا کہ یورپی ممالک کا ساتھ نہ دینا وہ کبھی نہیں بھول سکتے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا دورہ ایران کسی معجزے کی بنیاد تو نہیں بن سکتا لیکن یہ اس راستے کا ایک ضروری قدم ہے جس پر چل کر ہی مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کم کی جا سکتی ہے۔ پاکستان کے لیے اصل امتحان یہ ہے کہ وہ غیر جانبداری، سنجیدگی اور مستقل مزاجی کے ساتھ یہ کردار نبھاتا رہے اور راستے میں آنے والی مشکلات کے باوجود امن کے قیام کے لیے کوششیں جاری رکھے۔ بالعموم پوری دنیا اور بالخصوص اس خطے کے عوام جنگ کی قیمت بہت ادا کر چکے ہیں، اگر پاکستان کی کاوش سے امن کا راستہ ہموار ہو جاتا ہے تو یہ ساری دنیا پر ہمارا احسان ہوگا۔

وزیر اعظم ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے سرگرم

اسد اللہ غالب

انسانی حقوق کی آڑ میں پاکستان مخالف مہم

اصغر علی شاد

حالیہ پالیسی ماضی میں ہوتی تو دہشت گردی شروع ہی نہ ہوتی

رحمت خان وردگ

کشمیر کا امن چرانے والوں کا کھرا

نازیہ مصطفےٰ

قوتیں صرف سرحدوں پر ہی نہیں بلکہ اپنے اداروں کے دائرے میں بھی لڑی جاتی ہیں۔ پاکستان اس وقت جس نازک مرحلے سے گزر رہا ہے اس میں امن و امان، قومی یکجہتی، سرحدی سلامتی اور ریاستی اداروں پر عوامی اعتماد کی بحالی سب سے نمایاں ہیں۔ آزاد کشمیر سے بلوچستان تک مسائل کی نوعیت مختلف ہے۔ کہیں احتجاج اور سیاسی بے چینی ہے، کہیں محرومی کا احساس اور حقوق کے مطالبات ہیں اور کہیں مسلح تحریک اور ریاست اور شہریوں کی جان کے لیے خطرہ بنا ہوا ہے۔

آزادانہ تصدیق ہو جائے تو یہ معاملہ محض تحقیقات کا متقاضی ہوگا جس سے پاکستان دشمن قوتوں کے چہروں سے نقاب اتر جائے گا۔

بلوچستان میں امن و امان کے چیلنجز اور بھی سنگین ہیں۔ مسلح حملوں، دہشت گردی، سیکیورٹی اہلکاروں اور عام شہریوں کی ہلاکتوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کے واقعات نے صوبے کے امن اور ترقی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔

جمہوریت کو جمہوری عمل سے مضبوط کریں

محمد دلاور چودھری

سعودی اسرائیل تعلقات کے خطے پر اثرات

طاہر جمیل نورانی

انّا نیٹی ...

عبداللہ طارق سہیل

بقیہ 49

ممالک کے دفاع میں بھی مدد کو تیار ہے۔ عبدالفتاح السیسی کا کہنا ہے کہ مصر کی فوجی کارروائی عرب ممالک کی سلامتی اور استحکام کے تحفظ تک محدود ہوگی، خلیجی ممالک کی سلامتی مصر کی قومی سلامتی سے منسلک ہے، عرب ممالک کی سلامتی ناقابل تقسیم ہے۔

شراکت داری عوام کی خوشحالی اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ علاقائی اور عالمی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان خطے اور عالمی سطح پر امن کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے تنازعے میں پاکستان کے کردار کو عالمی

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. The Chairman Balochistan Textbook Board, Quetta invites Bids from Eligible Bidders (Publishers / Printers) for the Printing & Supply of Textbooks (Free Distribution) from Class Primer to XII and ALP Textbooks with Teacher Guides 2027 through (11) eleven tenders of similar nature having TSE Nos. **(TSE-2627101213711 for Package A, TSE-2627101213791 for Package B, TSE-2627101213801 for Package C, TSE-2627101213831 for Package D, TSE-2627101213851 for Package E, TSE- 2627101213861 for Package F, TSE- 2627101213641 for Package G, TSE-2627101213601 for Package H, TSE- 2627101213451 for Package I, TSE-2627101213281 for Package J & TSE-2627101213241 for Package K). Tender Fee 2000/-**

S.No.	Class of Object	Bid Security
1	Stationery (Printing & Supply of Textbooks Free Distribution)	3%

Procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014.

Eligibility of Bidders:

a. 3 Assignment of Similar Nature and Complexity 250,000,000 in Previous 5 Years.
b. Turnover of at least 130,000,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years
c. Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate.
d. The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan
e. JV is not permissible
f. Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive.
g. Submission of the required Bidding document Fee.
h. The bidder must fulfill all the requirements for Publication and Printing experiences as prescribed in details in the bid documents.
i. The Bidder must fulfill the requirements for Printing machine, Automatic Paper Folder and Gathering Machines as per the specifications prescribed in details in the bid documents.
j. Sample of Printing Paper & Bleach Card for each manufacture (10 Sheets only) and certificate of specifications from the manufacturer with seal and signature. Recycled paper is not accepted.
k. Samples of Imported Ink, Hot Melt Glue not less than 2711 of Taiwan brand or equivalent specifications, Imported coated plates.
l. Test Fee Rs. 20,000 each (not refundable) for paper & b sample of each manufacture in shape of pay order.
m. Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement.

3. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure
4. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 3 %
5. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk.
6. **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk.
7. **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **07th November, 2026 for Package A, B, C, D, E & F and 9th November , 2026 for Package G, H, I, J & K** through supplier dashboard.
8. **Tender opening:** will be opened on **same day on EPPS System.**
9. **Address:** Office of the Chairman Balochistan Textbook Board, Quetta

Phone no: 0812470501 Email: btbb_quetta@yahoo.com
Website. www.btbb.com.pk

CHAIRMAN
BALOCHISTAN TEXTBOOK BOARD, QUETTA

DAB/AB No.457/22-10-2026

بقیہ 1

کے طریقہ کار، شہریوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور عوامی رسائی سے متعلق تفصیلات دریافت کیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے طبی ماہرین سے گفتگو کرتے ہوئے ٹیلی میڈیسن سروس کے ذریعے شہریوں کو طبی مشاورت فراہم کرنے کے عمل کا جائزہ لیا اور مرکزی ڈیسک پر تعینات عملے کی مستعدی اور خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ، عوام سے کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کردیا ہے۔ ٹیلی میڈیسن سروس کا آغاز بلوچستان کے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو معمولی طبی مشاورت کے لیے بھی طویل سفر طے کرنا پڑتا ہے، جس کے باعث انہیں وقت، اخراجات اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ٹیلی میڈیسن سروس کے ذریعے ان مشکلات میں کمی لانے اور شہریوں کو ڈیجیٹل نظام کے تحت طبی ماہرین سے مشاورت کی سہولت فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی میں دور دراز علاقوں کے عوام کی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے طبی مشاورت کو عوام کے لیے زیادہ قابل رسائی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ جغرافیائی فاصلے معیاری طبی رہنمائی کے حصول میں رکاوٹ نہ بنیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور صحت کے نظام میں بہتری کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں رہنے والے شہریوں کو بھی جدید سہولیات میسر آئیں اور انہیں علاج و معالجے سے متعلق رہنمائی کے حصول کے لیے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 2

لے رکھا ہے۔ علاوہ ازیں، ایک اور حملے کی کوشش کے پیش نظر گوادر شاہراہ کے قریب واقع ایک ہوٹل میں موجود دہشت گردوں کے خلاف بھی آپریشن جاری ہے جہاں چار مزید دہشت گرد فورسز کے گھیرا میں ہیں۔ سکیورٹی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ گوادر جی او سی (GOC) خود اس تمام آپریشن کو لیڈ کررہے ہیں۔

بقیہ 3

گورنر راج نافذ کرنا پڑا۔ وہ جمعرات کو گورنر ہاؤس پشاور میں نیشنل ایکشن پلان کی فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کو فیڈرل ایپکس کمیٹی کے اجلاس میں 12 اضلاع میں ایمرجنسی کے نفاذ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ خصوصی اجلاس کے دوران خیبر پختونخوا کے امن کیلئے قربانیاں دینے والے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ وزیر اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا غیوروں اور بہادر لوگوں کا خوبصورت صوبہ ہے، یہ رحمان بابا اور خوشحال خان خٹک کا صوبہ ہے، آزادی کے وقت اس صوبے نے بڑی اکثریت سے پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت خیبر پختونخوا دہشتگردی، بنیادی عوامی سہولیات کی عدم دستیابی سے بہت متاثر ہے، خیبر پختونخوا کے عوام محرومیوں کا شکار ہیں، ہمیں مجبوری میں صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا، اللہ سے دعا ہے کہ صوبے میں امن اور ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے میں مدد فراہم کرے۔ انہوں نے پشاور سکول کی چھت گرنے کے واقعہ میں ایک استانی اور بچوں کی المناک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے گورنر خیبر پختونخوا کو کہا تھا کہ وہ متاثرہ جگہ کا فوری دورہ کرکے اس سانحے کی مکمل تحقیقات کرائیں۔ وزیر اعظم نے صوبے کی صورتحال کا ذکر کیا کہ چند برسوں میں جو حالات پیدا کر دیئے گئے اس کی وجہ سے یہ صوبہ بہت متاثر ہے، چھ برسوں میں جو حالات پیدا کئے گئے اس کے بعد امن و امان کو بہت نقصان پہنچا۔

بقیہ 4

ریونیو اتھارٹی کا پروگریسو جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ جان نورزئی سیکریٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور فنانس کی تکنیکی ٹیم بھی موجود تھی۔ قبل ازیں چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبائی وزیر خزانہ کو بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر خزانہ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کی آمدن کا اہم ذریعہ ہے، ٹیکس نظام میں شفافیت اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ صوبائی محصولات میں اضافہ ہو سکے جس سے صوبے کے ہر شعبے پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور ترقی کا سفر مزید تیز ہوتے ہیں انہوں نے بی آر اے حکام کو سالانہ ہدف حاصل کرنے پر زور دیا اور حکام کو گوادر بی آر اے دفتر کو فعال بنانے کی بھی ہدایت کی اس کے ساتھ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو ڈیجیٹلائز کرنے پر صوبائی وزیر خزانہ نے اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 5

صادق سے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز نے ملاقات کی جس میں اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ پارلیمانی و اقتصادی تعلقات سمیت اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ اپنے دیرینہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے پاکستان اور مالدیپ کے مابین پارلیمانی و اقتصادی تعلقات مزید مستحکم بنانے پر زور دیا اور کہا کہ پاک۔ مالدیپ پارلیمانی فرینڈشپ گروپ دوطرفہ پارلیمانی تعلقات کے فروغ میں فعال کردار ادا کر رہا ہے، پارلیمانی سفارتکاری علاقائی ممالک کے درمیان تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے پاکستان اور مالدیپ کے مابین تجارتی حجم بڑھانے کے لیے ہونے والے معاہدوں کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ مالدیپ کے صدر کا دورہ پاکستان دوطرفہ تعلقات کے فروغ میں اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز نے پاکستان کے ساتھ تعلقات مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا اور کہا کہ مالدیپ کے عوام پاکستانی عوام کے ساتھ دلی وابستگی رکھتے ہیں۔ مالدیپ کے صدر نے علاقائی امن کے قیام کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام سے اظہار تشکر کیا۔ ملاقات میں ممبران قومی اسمبلی شازیہ ثوبیہ، شائستہ خان اور نجے پروانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 6

زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے۔ صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال اور معاشی و تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت یہ دورہ جرمنی

کے صدر فریک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی انتہائی اہمیت کا حامل ہے، گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا۔ رواں برس دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔ اس حوالے سے جرمن صدر کی صدر مملکت کو جرمنی کے دورے کی خصوصی دعوت نمایاں حیثیت رکھتی ہے۔ صدر مملکت دورہ جرمنی کے دوران ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ جرمنی کے صدر اور اعلیٰ جرمن حکومتی عہدیداران سے ملاقات کریں گے۔ ملاقاتوں کے دوران دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال، معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کے فروغ کو نئی جہت دینے کی جانب معاون ثابت ہوگا۔ صدر آصف زرداری کا دورہ پاکستان اور جرمنی کے مابین موجود دوطرفہ تاریخی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم سنگ میل ہو گا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ایئرپورٹ پر صدر مملکت کو الوداع کہا۔

بقیہ 7

تجکاری محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، اصل مسئلہ ان پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد اور تسلسل کا ہے، پاکستان کو معاشی چیلنجز سے نکالنے اور مستقبل میں مزید مضبوط بنانے کے لیے عزم، صبر اور مسلسل محنت کی ضرورت ہے۔ جمعرات کو یہاں سی ای او سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چین، ویتنام اور بنگلہ دیش جیسے ممالک نے اپنی اصل طاقت کو پہچان کر اور طویل مدتی پالیسیوں کے ذریعے شاندار ترقی حاصل کی ہے، ترقی کا اصل راز ایک لفظ اعتماد میں پوشیدہ ہے، جو ہمیں درست سمت کا تعین اور کامیابی کا لائحہ عمل فراہم کرتا ہے۔ مشیر نجکاری محمد علی نے کہا کہ کسی بھی شعبہ کو آگے بڑھانے سے پہلے 5 بنیادی امتحانات سے گزرنا ہوگا جن میں مارکیٹ کی طلب، روزگار کے مواقع اور زرمبادلہ کا حصول شامل ہیں۔ مشیر نجکاری نے کہا کہ پاکستان کے تین اہم شعبے جو تمام معیار پر پورا اترتے ہیں ان میں زراعت اور ایگری پروسیسنگ، ٹیکسٹائل و ملبوسات اور آئی ٹی و ڈیجیٹل سروسز شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اصلاحات کے منصوبوں کی کمی نہیں، اصل مسئلہ ان پر مستقل مزاجی سے عملدرآمد اور تسلسل کا ہے۔

بقیہ 8

کے گیس سسٹم کو فراہمی بھی شروع کردی گئی ہے، حکام مہنگی اسپاٹ مارکیٹ سے گیس خریدنے کے بجائے معاہدے کے تحت سپلائی پر انحصار بڑھانے کی کوشش کررہے ہیں۔ وزارت توانائی کے ذرائع کے مطابق اکتوبر کے دوران اب تک قطر سے ایل این جی کے دو کارگوز پاکستان پہنچ چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکام کی کوشش ہے کہ اضافی ضرورت کے لیے عالمی اسپاٹ مارکیٹ سے مہنگی گیس خریدنے سے حتی الامکان گریز کیا جائے تاکہ قومی خزانے پر مالی بوجھ کم رکھا جاسکے۔ ذرائع کے مطابق قطر کے ساتھ معاہدے کے تحت حاصل ہونے والی ایل این جی کی قیمت تقریباً 14 سے 15 ڈالر فی ملین برٹش تھرمل یونٹ (ایم ایم بی ٹی یو) ہے جبکہ اسپاٹ مارکیٹ میں یہی قیمت 30 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو تک پہنچ رہی ہے۔ اس طرح معاہدے کے تحت ملنے والی گیس اسپاٹ مارکیٹ کے مقابلے میں تقریباً نصف قیمت پر دستیاب ہے، جس سے پاکستان کو درآمدی گیس کے اخراجات قابو میں رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ 9

اداریے میں کہا گیا ہے کہ نیتن یاہو اسرائیل کے مفاد میں اقتدار چھوڑ دیں، اسرائیل کو نئی قیادت اور قومی اتحاد کی ضرورت ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق نیتن یاہو ناکامیوں کے باوجود اقتدار سے چمٹے ہوئے ہیں، لاکھوں اسرائیلیوں کو بطور ریزرو فوجی جنگوں میں دھکیلا ہوا ہے۔ اسرائیلی اخبار کا کہنا تھا کہ لبنان میں ریزرو فوجیوں کو مسلسل جبری ڈیوٹی پر مجبور کیا گیا ہے، نیتن یاہو کی حکومت اسرائیلی معاشرے کو تقسیم کررہی ہے۔ اداریے میں کہا گیا ہے کہ قدامت پسند یہودیوں کو فوج میں بھرتی سے استثنیٰ مل رہا ہے۔ دوسری جانب امریکی رکن کانگریس جیمی راسکن نے مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینی کسانوں کی زیتون کی فصل کی کٹائی میں مدد کرنے والے درجنوں امریکی شہریوں کو اسرائیلی فورسز کی جانب سے حراست میں لیے جانے کی شدید مذمت کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں جیمی راسکن نے کہا ہے کہ زیر حراست افراد میں ڈیموکریٹک جماعت کے امیدوار بریڈ لینڈر، متان برز کاؤش اور کم از کم 31 دیگر امریکی شہری بھی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب اسرائیلی فوج فلسطینیوں کی زیتون کی فصل کی کٹائی میں مدد کرنے والے رضاکاروں کو بھی نشانہ بنارہی ہے۔

بقیہ 10

خیبر پختونخوا حکومت نے پشاور شیر پاؤ بازار کے بعد چارسدہ اور نوشہرہ میں بھی تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا آغاز کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق شیر پاؤ بازار، چارسدہ اور نوشہرہ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف بڑے آپریشن کا آغاز کیا گیا اور سڑکوں اور بازاروں کے اطراف قائم غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ، ٹاؤن انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی نگرانی میں تجاوزات کے خلاف یہ گرینڈ آپریشن بھرپور طریقے سے شروع کردیا گیا آپریشنز کا بنیادی مقصد عوامی گزرگاہوں کی بحالی، سڑکوں کی حدود کو واگزار کرانا اور ٹریفک کی روانی کو مکمل طور پر بہتر بنانا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی جبکہ غیر قانونی تعمیرات کے دوبارہ قیام کی روک تھام کے لیے بھی سخت اقدامات کیے جائیں گے۔ انتظامیہ نے کہا کہ شہریوں اور تاجروں سے پرزور اپیل ہے کہ وہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور بازاروں میں تجاوزات قائم کرنے سے گریز کریں اور قانون کی پاسداری میں انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

بقیہ 11

چکا ہے کہ موجودہ نظام موثر نہیں رہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دنیا لائف اسٹائل میڈیسن کی طرف جاچکی تاہم ہمیں بیماری سے پہلے بچا کی جانب جانا ہوگا، صحت کی اصلاح حکومت اکیلے نہیں کرسکتی، نجی شعبہ اور جامعات ساتھ دیں، علاج معالجہ نہیں، احتیاط پر سرمایہ کاری کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں مسلسل اضافے سے صحت کا نظام دباؤ کا شکار ہے، اسپتالوں کی تعداد بڑھانا اکیلا حل نہیں، مریضوں کی تعداد کم کرنا ہوگی، ملک کا صحت کا نظام تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، سالانہ 11 ہزار مائیں دوران زچگی جان کی بازی ہار جاتی ہیں اور روزانہ 1300 بچوں کی اموات تشویشناک ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ انتظامی یونٹس اور نظام حکمرانی پر ملک میں سنجیدہ مکالمہ جاری ہے، ملک چلانے والوں کو احساس ہو چکا

ہے کہ موجودہ نظام موثر نہیں رہا۔

بقیہ 12

نصیبہ اقوام متحدہ کی سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار بن گئیں 48 سالہ لانا نصیبہ ایک دہائی سے زائد عرصے تک اقوام متحدہ میں اماراتی سفیر رہیں، لانا نصیبہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کو مسائل کے حل اور مؤثر سفارت کاری کا مرکز بننا ہوگا۔ متعدد ممالک نے جنرل اسمبلی اجلاس کے دوران لانا نصیبہ کو امیدوار بننے کی ترغیب دی، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے انتخاب کے لئے سلامتی کونسل میں مشاورت جاری ہے۔ سیکرٹری جنرل کے انتخاب میں سلامتی کونسل کے پانچ مستقل ارکان کی حمایت فیصلہ کن اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ 13

اور سینئر فوجی اہلکار کے حوالے سے رپورٹ کیا کہ امریکا حوثی خطرات اور ایران کی براہ راست دھمکیوں کی وجہ سے مشرق وسطیٰ کے فوجی اڈوں سے امریکی اہلکاروں کی موجودگی خاموشی سے کم کر رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ کے ترجمان کیپٹن ٹم ہاکنز کا کہنا تھا کہ مختلف مشتر کہ آپریشنل تیاری بہتر بنانے کے لیے امریکی فوج معمول کے مطابق اہلکاروں اور ساز و سامان کی نقل و حرکت کرتی رہتی ہے اور سیکیورٹی وجوہات کی وجہ سے تفصیلات نہیں بتائی جاتیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی افواج خطے میں امریکی اہلکاروں اور امریکی مفادات کے تحفظ کے لیے بدستور چوکس اور تیار ہیں۔ اس سے قبل سعودی عرب کے شہر دمام کے کنگ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملے کے بعد امریکی محکمہ خارجہ نے سعودی عرب میں تعینات امریکی حکومت کے غیر ہنگامی عملے اور ان کے اہل خانہ کو سعودیہ چھوڑنے کے احکامات جاری کیے تھے۔

بقیہ 14

ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جسٹس جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کردی۔ جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بنچ سن سکتا ہے یا نہیں۔ بعد ازاں سپریم کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 4 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 15

دو پائلٹس، محمد ذیشان علی اور خرم داؤد، کو چین میں سخت طبی، نفسیاتی اور تکنیکی جانچ کے بعد خصوصی خلائی تربیت دی گئی ہے۔ اس خلائی سفر کیلئے ان میں سے ایک پائلٹ کو حتمی طور پر منتخب کیا جائے گا، جو چین کے خلائی اسٹیشن پر پاکستان کی نمائندگی کرے گا، یہ خلاباز صرف خلا کا وزٹ نہیں کرے گا، بلکہ وہاں سائنسی تجربات بھی انجام دے گا۔ ان تجربات میں بائیوٹیکنالوجی اور زندگی سے متعلق تحقیق شامل ہے، جس سے مستقبل میں خوراک کی کمی اور موسمیاتی تبدیلی جیسے مسائل کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تعاون کا آغاز فروری 2025 میں خلابازوں کی تربیت اور خلائی مشن سے متعلق معاہدے کے ذریعے ہوا تھا۔ اب یہی تعاون پاکستان کے انسانی خلائی سفر کے خواب کو حقیقت کے قریب لا رہا ہے، رپورٹ کے مطابق پاکستان کا مقصد صرف خلا تک پہنچنا نہیں بلکہ پاکستان نے 2035 تک چاند پر پہنچنے کا ہدف بھی مقرر کیا ہے۔ دونوں ممالک ایک پاکستانی ساختہ قمری روور پر بھی کام کررہے ہیں، جسے مستقبل میں چین کے چانگ ای 8 مشن کے ذریعے چاند پر بھیجنے کا منصوبہ ہے۔ اس سے قبل وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال یونیورسٹی میں پاکستان کا پہلا خلائی عجائب گھر قائم کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے، تاکہ نوجوانوں میں سائنس اور خلائی تحقیق کا شوق پیدا کیا جاسکے۔ 25 نومبر کا یہ مشن پاکستان کیلئے محض ایک خلائی سفر نہیں، بلکہ سائنسی ترقی اور مستقبل کے نئے امکانات کی جانب ایک اہم قدم ہو سکتا ہے۔

بقیہ 16

آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر فلائی دبئی کی پرواز ایف زیڈ 26 کے ذریعے ملتان سے آذربائیجان جا رہے تھے۔ امیگریشن کلیئرنس کے دوران مشکوک سفری پروفائل سامنے آنے پر مسافروں کو مزید جانچ پڑتال اور تفصیلی انٹرویو کے لیے ریفر کیا گیا۔ مسافروں کی شناخت حافظ محمد آصف، طارق بشیر اور محمد الیاس کے نام سے ہوئی۔ مسافروں کے موبائل فون پیغامات کی جانچ اور دوران تفتیش پوچھ گچھ کے دوران مبینہ طور پر یورپ جانے کے غیر قانونی منصوبے کا انکشاف ہوا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق مسافروں نے آذربائیجان پہنچنے کے بعد سربیا اور دیگر یورپی ممالک میں غیر قانونی طور پر سفر کرنا تھا۔ مسافروں نے انکشاف کیا کہ انہوں نے ویزوں اور ٹکٹوں کے انتظام کے لیے وہاڑی کے ٹریول ایجنٹس کو 6 لاکھ روپے ادا کیے تھے۔ مسافروں کے مطابق باقی رقم منزل پر پہنچنے کے بعد ادا کی جانی تھی۔ ترجمان کے مطابق مسافروں کو مزید قانونی کارروائی اور تحقیقات کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل ملتان کے حوالے کر دیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن ملتان کی جانب سے غیر قانونی ہجرت کی روک تھام کے لیے سخت اسکریننگ جاری ہے۔

بقیہ 17

شراکت داری کی نئی راہیں ہموار کرتا ہے، پاکستان نے مشرق وسطیٰ کے موجودہ بحران میں کلیدی سیاسی کردار ادا کیا اور اب معاشی میدان میں بھی اپنی اہمیت و افادیت ثابت کریں گے۔ واشنگٹن ڈی سی میں پاکستانی سفارت خانے سے جاری بیان کے مطابق سفارت خانے میں پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کی تیسرے ایڈیشن کا کامیاب انعقاد کیا گیا، سلیکون ویلی اور ڈیلاس کے بعد واشنگٹن ڈی سی میں بھی پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 میں پاکستانی آئی ٹی کمپنیاں، امریکی ماہرین، سرمایہ کار اور شراکت داروں نے بھرپور شرکت کی۔ پاک امریکا ٹیک کنیکٹ 2026 کے تیسرے ایڈیشن کا انعقاد سفارت خانہ پاکستان واشنگٹن ڈی سی، قونصل خانوں اور پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کے اشتراک سے کیا جارہا ہے، جس کا اگلا ایونٹ 23 اکتوبر کو شکاگو میں منعقد ہوگا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سفیر رضوان شیخ نے کہا کہ پاک امریکا دوطرفہ تعلقات کو انسداد دہشت گردی سے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جانب نئی سمت کی ضرورت ہے، بی ٹی کے بعد آئی ٹی میں ہمارا تعاون مثالی اور نتیجہ خیز ہوگا۔

بقیہ 18

مسلم کی ایک حدیث عربی زبان میں بیان کی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق شاہ چارلس اور ملکہ کیملا نے عمانی سلطان کا استقبال کیا، سلطان ہیثم بن طارق 3 روزہ سرکاری دورے پر برطانیہ میں ہیں، یہ 44 سال میں عمان کے کسی سلطان کا برطانیہ کا پہلا سرکاری دورہ ہے۔ منگل کی شب شاہی جوڑے نے ونڈسر کیسل میں سلطان کے اعزاز میں سرکاری ضیافت کا اہتمام کیا، جہاں برطانوی بادشاہ نے اہل

عمان کی تعریف کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کی حدیث کا حوالہ دیا۔ شاہ چارلس نے جو حدیث عربی زبان میں پڑھی اس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ اگر تم اہل عمان کے پاس جاتے تو نہ وہ تمہیں برا بھلا کہتے اور نہ تمہیں مارتے۔ شاہ چارلس کی جانب سے عربی زبان میں حدیث پڑھنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگئی۔ اپنے خطاب میں شاہ چارلس نے برطانیہ اور عمان کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو اجاگر کیا اور تنازعات کے دور میں مختلف فریقوں کے درمیان مفاہمت اور روابط کے فروغ کے لیے عمان کی کوششوں کو اہم قرار دیا۔

بقیہ 19

کرنے کے کیس میں 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا سنادی، ملزمان پر مجموعی طور پر 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ کیس کا فیصلہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے سنایا، سیکشن 22 کے تحت دونوں ملزمان کو 7، 7 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی گئی ہے۔ سیکشن 24 کے تحت ملزمان کو 3، 3 سال قید اور 10، 10 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا ہے۔ اس کیس سے متعلق بچی کے والد کی مدعیت میں این سی سی آئی اے نے مقدمہ درج کیا تھا۔

بقیہ 20

نشانے پر آسکتی ہیں، ٹرمپ نے جنگ ختم کرنے کی ایران کی تجویز کو التوا میں ڈال دیا اور مذاکرات رک گئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ کے پاس جنگ ختم کرنے کا کوئی واضح عملی منصوبہ نہیں، جس سے سفارتی تعطل پیدا ہوا، جنگ کے جاری رہنے سے تعلقات کی صورت حال ایران کے حق میں بدل گئی ہے، خلیجی ممالک ایران سے تعلقات پر نظر ثانی کر رہے ہیں۔ محسن رضائی نے یہ بھی کہا کہ خلیجی ممالک کو یقین ہوگیا ہے کہ امریکی فوج اپنے اڈوں کا دفاع کرنے کے بھی قابل نہیں۔

بقیہ 21

تقریب منعقد کی گئی۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن موجود تھے جبکہ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے بھی پوائنٹس بسوں کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ جامعہ کراچی میں بحال کی جانے والی پوائنٹس بسوں کا افتتاح ہوگیا۔ ترجمان اسلامی جمعیت طلبہ کے مطابق مختلف ٹاؤنز کے تعاون سے طلبہ کے لیے پوائنٹس بسیں بحال کروائی ہیں، پوائنٹس بسوں کی بحالی سے جامعہ کراچی کے طلبہ کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کم کرنے میں مدد ملے گی، جامعہ کراچی کے طلبہ کو سفری سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ تقریب سے وائس چانسلر وسیم قاضی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ کراچی میں انکیوبیشن سینٹر بھی قائم کرنے جارہے ہیں، ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے جامعات میں ایمرجنسی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، جامعہ کراچی میں طلبہ کے لیے لرننگ مینجمنٹ سسٹم تیار کیا جارہا ہے۔ وائس چانسلر نے بتایا کہ آئندہ تین سے چار ماہ میں کلاس رومز کا تعلیمی مواد طلبہ کو موبائل فون پر دستیاب کرنے کی کوشش ہے، طلبہ موبائل فون کے ذریعے لیکچرز دوبارہ دیکھ کر اپنے تعلیمی تصورات کو بہتر بنا سکیں گے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں طلبہ یونین کے ذریعے طلبہ و طالبات ٹرانسپورٹ کا نظام چلاتے تھے، اسلامی جمعیت طلبہ کی یونین منتخب ہونے کے بعد ٹرانسپورٹ کا بہترین نظام چلایا گیا کرتی تھی، طلبہ یونین کی بحالی کے لیے جدوجہد کریں گے، یہ طلبہ کا حق ہے، حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جامعہ کراچی آنے والے طلبہ و طالبات کی اکثریت ٹرانسپورٹ کی سہولت نہ ہونے کے باعث موٹر سائیکل استعمال کرتی ہے، طلبہ کو پبلک ٹرانسپورٹ کی مناسب سہولت میسر نہیں۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان نے کہا کہ عوام ایک لیٹر پیٹرول پر تقریباً 135 سے 140 روپے تک ٹیکس ادا کرتے ہیں، پیٹرول پر عائد 80 روپے فی لیٹر لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں۔ پیٹرول پر 80 روپے لیوی، 5 روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی اور 21 روپے کسٹمز ڈیوٹی سمیت مختلف ٹیکس عائد ہیں۔

بقیہ 22

مالیاتی وفاقیت سے متعلق مسائل حل کرنا ہوں گے، صوبوں کے ترقیاتی اخراجات کو قومی ترجیحات سے ہم آہنگ کرنے کے ساتھ ساتھ اضلاع میں وسائل کی منصفانہ تقسیم اور ان کے موثر استعمال کو بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ جمعرات کو یہاں سی ای او سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ ان گزشتہ دو سال کے دوران پاکستان نے معاشی استحکام کے حصول میں نمایاں پیش رفت کی ہے، پالیسی ریٹ اور مہنگائی میں کمی آئی ہے، جی ڈی پی کی شرح نمو میں بتدریج بہتری آئی ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا ہے، عالمی معاشی صورتحال اور ایندھن کی قیمتوں اور رسد سے متعلق دباؤ کے باوجود یہ مثبت پیش رفت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری بھی حوصلہ افزا ہے تاہم اب ضروری ہے کہ استحکام کو پائیدار اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کیا جائے۔

بقیہ 23

کے مواقع پیدا کرنے، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور پیداواری صلاحیت میں اضافے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد میں سی ای او سمٹ 2026 سے خطاب کے دوران کیا۔ سمٹ کا موضوع مشکل حالات میں نمو: مستقبل کی نئی تشکیل تھا جس میں ممتاز کاروباری شخصیات، چیف ایگزیکٹوز اور سفارتکاروں نے شرکت کی۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ پاکستان کو چین کے معاشی ترقی کے تجربے سے استفادہ کرنا چاہیے جس نے تین دہائیوں تک مسلسل دوہرے ہندسے کی معاشی ترقی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، معدنیات، توانائی، مینوفیکچرنگ اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بورڈ آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں کو ضروری سہولیات فراہم کرنا اور کاروباری سرگرمیوں کی راہ میں حائل غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنا ہے، سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنے کے لیے پالیسیوں میں تسلسل، بروقت فیصلوں اور واضح حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان میں کاروبار شروع کرنے، موجودہ کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ معاشی ترقی کا حصول صرف حکومت کے لیے ممکن نہیں بلکہ اس عمل میں نجی شعبے کا کردار مرکزی اہمیت رکھتا ہے۔ قیصر احمد شیخ نے حکومت اور کاروباری برادری کے درمیان مسلسل مکالمے اور مضبوط شراکت داری کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس باصلاحیت نوجوان افرادی قوت، وسیع مقامی منڈی، قدرتی وسائل اور تزویراتی محل وقوع جیسے اہم وسائل موجود ہیں جنہیں موثر حکمت عملی کے ذریعے معاشی ترقی کے لیے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی زرمبادلہ کی ترسیلات کے علاوہ سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور عالمی

کاروباری روابط کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام اور ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مشکل معاشی حالات میں پائیدار ترقی اور استحکام کے حصول کے لیے طویل المدتی سوچ، باہمی تعاون اور حکومت و نجی شعبے کے درمیان موثر شراکت داری ناگزیر ہے۔

بقیہ 24

تارڑ میں زمین کے تنازع پر 2 بیٹوں نے کلہاڑی کے وار کرکے اپنے باپ سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق باپ اور بیٹوں کے درمیان زمین کا تنازع چل رہا تھا، قتل کی واردات کے بعد دونوں ملزمان فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی مزید تفتیش جاری ہے اور قتل کی واردات میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ 25

کوئی خطرہ نہیں ہے۔ فرانسیسی حکومت کی جانب سے مزید کہا گیا ہے کہ شاموڈا وائرس بنیادی طور پر گائے، بھیڑ اور بکریوں میں پایا جاتا ہے۔

بقیہ 26

سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر نوٹ چھاپ رہے ہیں جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کیے جا رہے ہوں، اسی کی آزمائشوں اور مشکلات کو بیچ کر ڈالرز کمائے جا رہے ہوں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی تب تو ان یوٹیوبرز کی عید تھی لیکن آج پی ٹی آئی اقتدار میں نہیں ہے تب بھی حسب معمول ان کی جیبیں بھر رہی ہیں، اس پوری جماعت کو انہی یوٹیوبرز نے برباد کرکے رکھ دیا ہے۔

بقیہ 27

آباد میں دسواں دور ہوا، جس میں دہشتگردی کے خلاف مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستانی وفد کی قیادت ڈی جی انسداد دہشتگردی ڈاکٹر فریحہ بگٹی نے کی، یورپی یونین کے انسداد دہشتگردی کیلئے خصوصی ایلچی اناسٹرزاسکانے یورپی وفد کی قیادت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور یورپی یونین نے دہشتگردی کی تمام اقسام کی مذمت کی، یورپی یونین نے پاکستان میں حالیہ دہشتگرد حملوں کی مذمت کرتے ہوئے متاثرہ شہریوں سے اظہار یکجہتی کیا۔ یورپی یونین کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا گیا۔ پاکستان اور یورپی یونین نے افغانستان کی صورتحال کے سیکورٹی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا اور دہشتگردی کے خلاف عالمی تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ انسداد دہشتگردی مذاکرات کا اگلا دور آئندہ سال برسلز میں ہوگا۔

بقیہ 28

میں مصروف یوکرینی فوج کو سیٹلائٹ انٹرنیٹ سروس اسٹارلنک کے متاثر ہونے کی وجہ سے ایک بلین ڈالر سے زائد کا نقصان اٹھانا پڑا۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق یوکرینی کی روزمرہ فوجی اہداف کی جانب بڑھ رہے تھے کہ اچانک ان کی ویڈیو فیڈ بند ہوگئی اور سیلائٹ کنکشن منقطع ہونے سے متعدد ڈرون زمین پر گر گئے۔ یوکرینی فوج کے ایک سینئر کمانڈر نے بتایا کہ اسٹار شیلڈ سروس میں خرابی کے باعث ان کے یونٹ کو تقریباً 3 روز تک بیشتر کارروائیاں روکنا پڑیں، جن میں روسی کمانڈ پوسٹس اور ایندھن کے مراکز کو نشانہ بنانے کے آپریشن بھی شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق یوکرینی فوج روسی پیش قدمی سست کرنے اور اگلے محاذ پر اپنے فوجیوں کے تحفظ کے لیے ان ڈرون حملوں پر انحصار کرتی ہے۔ یوکرینی حکام کے مطابق ابتدائی طور پر ڈرونز کا رابطہ تقریباً 40 میل فی گھنٹہ کی رفتار پر بھی منقطع ہونے لگا تھا پھر صورت حال میں کچھ بہتری آئی لیکن 100 میل فی گھنٹہ سے زیادہ رفتار پر رابطے میں مسائل برقرار رہے۔

بقیہ 29

کے یورو بانڈز بھی جاری کیے۔ رپورٹ کے مطابق زرعی شعبے کی شرح نمو 2.9 فیصد رہی جس میں لائیو سٹاک نے اہم کردار ادا کیا جبکہ خدمات کے شعبے میں 4.1 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی، پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 19.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جبکہ مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہو کر مجموعی قومی پیداوار کے 2.6 فیصد کے برابر رہ گیا۔ عالمی بینک کے مطابق مالی سال 2025-26 میں عمومی مہنگائی کی اوسط شرح 7.1 فیصد رہی جبکہ اسٹیٹ بینک نے شرح سود بڑھا کر 11.5 فیصد کردی۔ مالی سال 2026-27 میں معاشی نمو 3.8 فیصد رہنے جبکہ رواں سال مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2024-25 میں مہنگائی کی اوسط شرح 4.5 فیصد تھی جو گزشتہ مالی سال میں بڑھ کر 7.1 فیصد ہو گئی، مشرق وسطیٰ کے تنازع کے باعث توانائی کی قیمتوں میں اضافے نے مہنگائی کے دباؤ میں شدت پیدا کی۔ عالمی بینک کے مطابق مارچ سے جون 2026 کے دوران مہنگائی کی اوسط شرح 10.2 فیصد رہی جبکہ مئی 2026 میں یہ بڑھ کر 11.7 فیصد کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ مالی سال 2025-26 میں شہری علاقوں میں غذائی مہنگائی کی اوسط شرح 4.3 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 5.4 فیصد ریکارڈ کی گئی، گندم اور جلد خراب ہونے والی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے نے غذائی مہنگائی کو بڑھایا۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2026 تک شہری اور دیہی علاقوں میں مہنگائی بڑھانے میں غذائی اشیا کا سب سے بڑا حصہ رہا۔ بتایا گیا کہ فروری سے جون 2026 کے دوران پیٹرول کی قیمت میں تقریباً 36 فیصد، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 31 فیصد اور مائع پیٹرولیم گیس کی قیمت میں تقریباً 46 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، اسی عرصے میں ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں بھی تقریباً 30 فیصد اضافہ ہوا۔ عالمی بینک کے مطابق مارچ 2026 سے توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث مہنگائی کے دباؤ میں شدت آئی، مالی سال 2025-26 میں بنیادی مہنگائی کی اوسط شرح شہری علاقوں میں 7.4 فیصد اور دیہی علاقوں میں 8.5 فیصد رہی جبکہ مئی 2026 میں شہری علاقوں میں بنیادی مہنگائی کی شرح 9 فیصد تک پہنچ گئی۔

بقیہ 30

پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیر اطلاعات عطا تارڑ، امیر مقام، رانا ثنااللہ، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی، چیف سیکریٹری، آئی جی اور کور کمانڈر پشاور شریک ہوئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں مسلح افواج، پولیس اور عوام کو شہادتوں پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے، ہمارے جوانوں اور افسران کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، صوبے کی پولیس، سیف سٹیز، سی ٹی ڈی کے لیے جو کچھ چاہیے وہ وفاق دے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سکیورٹی اور وفاق کی جانب سے صوبے کو

دی جانے والی سہولتوں پر بریفنگ دی۔ وزیر اعظم نے کے پی انتظامیہ کو انسداد دہشت گردی کی مد میں معاونت فراہم کرنے کی پیشکش بھی کی، اس سے قبل شہباز شریف ایک روزہ دورے پر پشاور پہنچے تھے۔

بقیہ 31

کی ملاقات کی جس میں پاکستان اور ترکمانستان کے مابین مذہبی تعلیم، ثقافت، باہمی روابط اور دوطرفہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا بھی شریک تھے۔ تفصیلات کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان مذہبی وفود کے تبادلے، مذہبی تعلیم کے شعبے میں تعاون بڑھانے اور خطے میں بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری اور امن کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ فریقین نے اس امر پر زور دیا کہ مذہبی اور ثقافتی روابط کو مزید وسعت دے کر دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو نئی جہت دی جاسکتی ہے۔ وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے مفتی اعظم ترکمانستان رحمٰن قربان میرادوف کے متوقع دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ معزز مہمان کے استقبال کے لیے تیار ہیں۔ وزیر مذہبی امور نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان کے مذہبی شخصیات اور وفود کے تبادلوں سے دونوں ممالک کے عوام کے درمیان قربت اور باہمی احترام کو فروغ حاصل ہوگا۔ وفاقی سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا نے کہا کہ پاکستان اور ترکمانستان کے مابین مذہبی تعلیم، ثقافت اور دیگر شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ دونوں ممالک اپنے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے مذہبی و ثقافتی روابط کو مزید مستحکم بناسکتے ہیں۔ ترکمانستان کے سفیر آتاجان مولاموف نے پاکستان کے مذہبی تعلیمی نظام اور نصاب میں اپنے ملک کی دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ترکمانستان کی قیادت پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو بہت اہمیت دیتی ہے اور انہیں مزید فروغ دینے کی خواہاں ہے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اور ترکمانستان مذہبی ہم آہنگی، امن، رواداری اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مل کر کام کریں گے۔ دونوں جانب سے مذہبی، ثقافتی اور اقتصادی شعبوں میں تعاون بڑھانے اور باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 32

نے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے اس حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے بتایا ہے کہ احسن اقبال سے گفتگو کے دوران پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے مطالبے پر حکومت سے جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کا اجلاس طے ہوگیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مذاکراتی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس (آج) جمعہ کو اسلام آباد میں ہوگا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اس اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات متوقع ہے۔

بقیہ 33

ٹریبونل کا 17 اکتوبر 2022 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس عائشہ اے ملک نے تحریری فیصلہ جاری کردیا، سروس ٹریبونل نے 15 جولائی 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔ عدالت کے تحریری فیصلے کے مطابق سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کو ڈکٹیٹ یا ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، ٹریبونل کو اپنے دائرہ اختیار کی حدود کا خیال رکھنا چاہیے تھا، ٹریبونل خود کو ایگزیکٹو کے مقام پر فائز نہیں کرسکتا اور نہ ہی قواعد از سر نو بنانے کی ہدایت دے سکتا ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ملازم کو یکم جنوری 2021 کو جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر کے عہدے پر ترقی مل چکی تھی، ملازم نے 2014 کے قواعد کے تحت ترقی حاصل کی اور بعد میں انہی قواعد کو چیلنج کیا۔ عدالت عظمیٰ کے فیصلے کے مطابق جونیئر آڈیٹر سے اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر کے عہدے پر ڈائریکٹ پروموشن جب کا کوئی قانونی یا ویسٹڈ رائٹ نہیں، ترقی بذات خود کوئی بنیادی یا حاصل شدہ حق نہیں ہے۔ فیصلے میں واضح کیا گیا کہ حکومت کو انتظامی ضروریات کے مطابق سروس اسٹرکچر اور بھرتی کے قواعد میں ترمیم کا مکمل اختیار ہے، جونیئر آڈیٹر سے سینئر آڈیٹر (BS-16) کی ترقی کا کوٹہ 10 فیصد سے بڑھا کر 2019 میں 50 فیصد کیا جاچکا ہے۔ تحریری فیصلے کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 2017، 2019 اور 2021 میں انہی رولز میں ترمیم کی منظوری دی، بعد کی منظوریوں اور رولز کے تسلسل سے عملی نفاذ سے 2014 کے قواعد کی قانونی حیثیت برقرار رہتی ہے۔ سپریم کورٹ نے فیصلے میں یہ بھی واضح کیا کہ آئین کے آرٹیکل 212 کے تحت سروس ٹریبونل کا دائرہ اختیار ملازمین کی ملازمتی شرائط و ضوابط تک محدود ہے، اگر قواعد سے کسی ملازم کے بنیادی یا قانونی حقوق متاثر نہ ہوں تو ٹریبونل کو مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ واضح رہے کہ سروس ٹریبونل نے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی ابتدائی منظوری نہ ہونے کی بنیاد پر رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔

بقیہ 34

خروش سے جگمگا اٹھا۔ تین ہزار سے زائد کھلاڑیوں نے چودہ مختلف کھیلوں میں شرکت کرکے افتتاحی تقریب کو ایک شاندار جشن میں بدل دیا۔ ڈھول کی تھاپ پر نوجوانوں کے روایتی رقص نے سماں باندھ دیا اور مہمانوں سمیت حاضرین شائقین کو خوشی سے جھومنے پر مجبور کردیا۔ قبل ازیں گورنر بلوچستان اور امریکہ سے آئے ہوئے مہمان گرامی تنویر احمد اور عذیر حسن کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ سالانہ اسپورٹس فیسٹیول کی شاندار افتتاحی تقریب کے موقع پر امریکہ سے آئے ہوئے مہمانان گرامی تنویر احمد، سید عذیر حسن، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی ڈاکٹر خالد حفیظ، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی سمیت ہزاروں کی کھلاڑیوں اور شائقین شریک تھے۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم ایک ایسے یادگار سلسلے کا آغاز کررہے ہیں جو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھار اور تخلیقی توانائیوں کو جلا بخشتا ہے۔ یہ شاندار اسپورٹس فیسٹیول اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں کا مقصد صرف ڈگریاں دینا نہیں بلکہ ایسی باشعور، خوداعتماد اور ذمہ دار نسل تیار کرنا ہے جو مستقبل قریب کی قیادت سنبھال سکے۔

بقیہ 35

نے کہا ہے کہ پاکستان میں یہ سنجیدہ بحث ہے کہ انتظامی یونٹ بڑھا کر اسپتالوں اور جامعات کو ترقی دی جائے، اس بات پر بحث ہورہی ہے کہ موجودہ نظام سے بہتری آئی ہے یا مزید ابتری آئی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 8884 ارب روپے وزرائے اعلیٰ کو دیے گئے ہیں یہ پیسے کسی کو نہیں دینے صرف سوشل سیکٹر پر ترقی کرنی ہے پھر یہ سر حشر ہے، سوچنا ہے ملک بچانا ہے یا لوگوں کی خواہشات کو بچانا ہے، دو صوبوں میں جنگ چل رہی ہے پڑوسی ملک دہشت گردوں کی مدد کررہا ہے، بیڈ

گورننس بجلی، پانی اور سڑکیں پیدا نہیں کرتی، یہ نظام لوگوں کو غدار بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے زمانے میں 300 ارب خرچ ہوئے دنیا کا 12 واں اچھا شہر تھا بڑے شہروں کو رینکنگ میں کراچی کا تیسرا نمبر ہے، 22 ہزار ارب روپے انہیں دیے جاچکے ہیں، جامعہ کراچی ہماری ماں ہے یہاں کے طلبہ کو اچھی ڈائریکشن دیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بہت کم وقت میں نئے وائس چانسلر نے جامعہ کراچی کے مسائل کی شناخت کرلی ہے انھیں ڈاکوس یا ہے، جامعہ کراچی اس شہر کا لینڈ مارک ہے، مجھے امید ہے کہ یہاں تبدیلی آئے گی جو کراچی شہر کا حشر ہے وہی اس جامعہ کا حشر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی کے وائس چانسلر کا ہنی مون کا وقت ختم ہوچکا ہے، کراچی یونیورسٹی اگر نرسنگ کالج کھولنا چاہتی ہے تو فوری نرسنگ کونسل کا اجلاس بلاؤں گا، بیرون ملک پاکستان سے ساڑھے 5 ہزار اور پڑوسی ملک سے ساڑھے 5 لاکھ نرسز گئے ہوئے ہیں، دنیا میں 25 لاکھ پاکستان میں 9 لاکھ نرسز کی ضرورت ہے۔

بقیہ 36

جمع کرنے کے لیے اہم اقدامات کرتے ہوئے نئی ہدایات جاری کردی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے سول سرونٹس ڈسکلوژر اینڈ ریگولیشن آف فارن انٹیٹی رولز 2026 پر عمل درآمد کے لیے آفس میمورنڈم جاری کرتے ہوئے تمام متعلقہ سرکاری ملازمین کو قواعد کے اجراء کے بعد 90 روز کے اندر مطلوبہ ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سول سرونٹس کو اپنی غیر ملکی شہریت، غیر ملکی سفری دستاویزات اور کسی غیر ملکی شہری سے شادی سے متعلق تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی۔ اس کے علاوہ سرکاری ملازمین کے زیر کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت اور سفری دستاویزات سے متعلق معلومات بھی طلب کی گئی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے غیر ملکی شہریت سے متعلق تفصیلات جمع کرانے کے لیے ڈیکلریشن کا مخصوص پرفارما بھی جاری کردیا ہے، جس کے ذریعے متعلقہ ملازمین مطلوبہ معلومات فراہم کریں گے۔ میمورنڈم میں تمام وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے ماتحت افسران اور ملازمین سے متعلق غیر ملکی شہریت اور سفری دستاویزات کی تفصیلات جمع کرکے مقررہ طریقہ کار کے مطابق فراہم کریں، تاکہ نئے قواعد پر عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ وفاقی حکومت کے اس اقدام کے تحت سرکاری ملازمین کی غیر ملکی شہریت اور متعلقہ سفری دستاویزات سے متعلق معلومات کو باقاعدہ طور پر ریکارڈ کا حصہ بنانے کا انتظام کیا جارہا ہے۔ متعلقہ وزارتوں اور ڈویژنز کو ہدایت کی گئی ہے کہ مقررہ مدت کے اندر ڈیکلریشن جمع کرانے کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ ہدایات وفاقی سول سروس میں غیر ملکی شہریت اور متعلقہ دستاویزات کے انکشاف سے متعلق نئے قواعد پر عمل درآمد کے سلسلے میں اہم پیش رفت قرار دی جارہی ہیں۔

بقیہ 37

کے نظریے کا حوالہ دیتے ہوئے سرمد سروپ نے کہا کہ تاریخ میں ہونے والی 3 بڑی فکری تبدیلیوں نے انسان کے اپنے بارے میں تصورات کو بدل کر رکھ دیا تھا۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو کے دوران سوامی سروپ پربانند نے کہا کہ پہلی بڑی تبدیلی ماہر فلکیات کوپرنیکس کے نظریے سے آئی جس نے واضح کیا کہ زمین کائنات کا مرکز نہیں۔ سوامی کے مطابق دوسری تبدیلی چارلس ڈارون کے نظریہ ارتقا سے آئی جس نے انسان اور دیگر جانداروں کے تعلق کو واضح کیا، تیسری تبدیلی سگمنڈ فرائیڈ کے نظریے سے سامنے آئی جس کے مطابق انسان خود کو مکمل طور پر عقلی سمجھتا ہے لیکن اس کے ذہن میں لاشعوری اور غیر عقلی عوامل بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ 38

بحق ہوگئے۔ لیویز کے مطابق دو طرفہ فائرنگ سے چار افراد موقع ہی پر جاں بحق ہوگئے، فائرنگ کے بعد لیویز کے دستے پہنچ گئے، لاشیں اسپتال منتقل کردی گئی۔ لیویز نے واقعے کی تفتیش شروع کردی، ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں، جاں بحق ہونے والوں میں اسد، ابراہیم، ولید اور سراج الحق شامل ہیں۔

بقیہ 39

ایسٹ ویسٹ پائپ لائن کے ذریعے تیل کی ترسیل یومیہ ایک کروڑ بیرل تک بڑھانے کے لیے کام کیا جا رہا ہے۔ صدر سعودی تیل کمپنی نے مزید کہا ہے کہ 2030 تک گیس کی پیداوار میں 80 فیصد اضافہ کرنے کا منصوبہ ہے۔

بقیہ 40

متاثرہ علاقے ایٹمی پر ڈرون حملے میں ہلاکتوں کی تعداد 153 ہوگئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اٹلی کے قائم مقام وزیر اطلاعات یوہانا اوکول گور کا کہنا ہے کہ ڈرون حملے سے کئی دکانیں اور اسٹالز بھی جل کر خاکستر ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ پیر کو ہوئے حملے میں ہلاکتوں کی تعداد 153 ہوگئی ہے۔ اٹلی کے قائم مقام وزیر اطلاعات نے ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔

بقیہ 41

صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز)، کاروباری کلسٹرز، بینکوں، اسٹیٹ بینک پاکستان اور متعلقہ سرکاری محکموں کے نمائندوں کے ساتھ مشاورتی نشست منعقد کی جس کا مقصد کاروباری اداروں کو سستے اور بروقت قرضوں اور مالی سہولتوں کے حصول میں درپیش مشکلات کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس کے دوران مختلف ایس ایم ای کلسٹرز کے نمائندوں نے اپنے کاروباروں کو درپیش مالی مشکلات اور طریقہ کار سے متعلق رکاوٹوں کی نشاندہی کی، ان مسائل میں قرضوں کے حصول میں مشکلات، کاروبار کی توسیع، ورکنگ کیپیٹل کی ضروریات پوری کرنے اور کاروباری مواقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے موزوں مالی سہولتوں تک رسائی شامل تھی۔ وزارت صنعت و پیداوار کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق ہارون اختر خان نے شرکاء کے مسائل اور تجاویز کو غور سے سنا اور اس بات پر زور دیا کہ بینکوں اور اسٹیٹ بینک کو ایس ایم ای کلسٹرز کے مسائل کا سنجیدگی سے جائزہ لینا چاہیے اور ان کے حل کے لئے موثر اقدامات، مناسب فالو اپ اور جوابدہی کو یقینی بنانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ایس ایم ایز کے لئے فنانسنگ کو ووکل کرنے کی ہدایت کی ہے جو مالی سہولتوں تک رسائی بڑھانے اور قومی معیشت میں چھوٹے اور درمیانے کاروباروں کے کردار کو مزید مستحکم کرنے کے لئے حکومت کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بینک قرضوں کی فراہمی کے طریقہ کار کو آسان بنانے، کاروباری کلسٹرز کے ساتھ رابطہ کاری بہتر کرنے اور اہل کاروباری اداروں کو مالی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے مربوط اور موثر کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ مالی معاونت کے ثمرات نچلی سطح پر کاروباری اداروں

تک پہنچنے چاہئیں تاکہ پیداوار، سرمایہ کاری اور روزگار میں حقیقی بہتری لائی جاسکے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کا اہم ستون ہے اور مجموعی ملکی پیداوار (جی ڈی پی)، برآمدات اور غیر زرعی روزگار میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں تاہم مالی وسائل تک محدود رسائی بہت سے قابل عمل کاروباروں کی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔

بقیہ 42

حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہر پارٹی میں جاگیردار موجود ہیں، 42 سال سے پاکستان میں سیاست کی نرسری بند ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جامعہ کراچی کو سندھ حکومت کی جانب سے گرانٹ نہیں دی جاتی، جامعہ کا انفرا اسٹرکچر تباہ حالی کا شکار ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ کراچی یونیورسٹی میں پہلے 125 پوائنٹس چلتے تھے، ٹاؤنز اگلے سال یونیورسٹی کے لیے 10 مزید پوائنٹس تیار کرکے دیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹاؤنز کے پاس کسی چیز کا اختیار نہیں، تعلیم قومی ایجنڈا ہے اس پر آواز بلند کرنی ہوگی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان نے کہا کہ پیٹرول کے ایک لیٹر پر 80 روپے لیوی دیتے ہیں۔

بقیہ 43

سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ مذاکرات کی ناکامی سے متعلق غلط بیانیہ بنایا گیا، مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتہ کیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھایا جارہا ہے، محمود اچکزئی بان پی ٹی آئی کے مقرر کردہ قائد حزب اختلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلا رہے ہیں، مولانا فضل الرحمٰن سمیت اہم سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں۔

بقیہ 44

وزراء، سابق مشیر خزانہ اور ڈپٹی اسپیکر سے سرکاری رہائش گاہیں خالی کرانے کے لیے اقدامات شروع کردیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں سابق وزیر بلدیات مینا خان آفریدی، سابق وزیر ہاؤسنگ امجد علی خان، سابق وزیر قانون آفتاب عالم، سابق وزیر بحالی و آبادکاری عاقب اللہ، سابق مشیر خزانہ مزمل اسلم، سابق وزیر صحت فیصل ترکئی اور ڈپٹی اسپیکر ثریا بی بی کو سرکاری رہائش گاہیں خالی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر پشاور سے درخواست کی گئی ہے کہ سرکاری رہائش گاہوں کا قبضہ واپس لینے کے لیے مجسٹریٹ یا متعلقہ افسر کے ہمراہ پولیس اہلکار اور لیڈی کانسٹیبلز فراہم کیے جائیں، تاکہ ضروری کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ اس حوالے سے سی سی پی او پشاور اور تھانہ شرقی کے ایس ایچ او کو بھی مراسلے کی نقول ارسال کی گئی ہیں، جن میں ضروری کارروائی اور پولیس معاونت فراہم کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ سرکاری رہائش گاہیں خالی کرانے کے اس اقدام کے تحت متعلقہ حکام کی معاونت سے رہائش گاہوں کا قبضہ واپس لینے کا عمل آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ 45

نے ملزم پر فرد جرم عائد کردی جبکہ ملزم نے صحت جرم سے انکار کردیا۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر استغاثہ کے گواہان طلب کرلیے۔ پولیس نے ملزم کے خلاف تھانہ مارگلہ میں مقدمہ درج کررکھا ہے۔

بقیہ 46

آر او 2026/(I)1898 جاری کیا ہے۔ اس کے تحت ہیوی کمرشل گاڑیوں کے ریڈیل ٹائروں کے لیے پی سی ٹی کوڈ 4011.2091 اور دیگر ٹائروں کے لیے 4011.2099 مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں کے مختلف پرزہ جات کے لیے پی سی ٹی کوڈ 8714.1090 شامل کیا گیا ہے، جس میں نمبر پلیٹ، بریکٹ، سائیڈ ریفلیکٹرز، دائیں اور بائیں سائیڈ پینلز، فرنٹ ڈیکوریشن کنکشن پارٹ، فٹ پلیٹ، وہیل اسمبلی اور ونڈ اسکرین کے پرزہ جات شامل ہیں۔ سیٹ باکس، ٹول باکس اور سینٹر کور زبھی اس کوڈ کا حصہ ہوں گے۔

بقیہ 47

خریداری کے عمل کو ڈیجیٹلائز کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری افسران کو یقینی بنانا چاہیے کہ عوامی پیسے کو ذمہ داری اور دیانت داری کے ساتھ خرچ کیا جائے۔ وہ آڈٹ ہاؤس اسلام آباد میں پبلک پروکیورمنٹ رولز اور ای پی اے ڈی ایس 2.0 (2.0EPADS) کے موضوع پر منعقدہ تربیتی پروگرام کے پہلے بیچ کی تکمیل پر منعقدہ تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کررہے تھے۔ یہ تربیتی پروگرام پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس اکیڈمی نے پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پی پی آر اے) کے اشتراک سے منعقد کیا۔ پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس اکیڈمی (پی اے اے اے)، اسلام آباد کی جانب سے منعقدہ اس تربیتی پروگرام میں پی پی آر اے کے ماہرین نے تکنیکی سیشنز پیش کیے۔ پروگرام کا مقصد سرکاری افسران کی پبلک پروکیورمنٹ کے قواعد و ضوابط، طریقہ کار اور الیکٹرانک پبلک پروکیورمنٹ ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) 2.0 کے عملی استعمال سے متعلق استعداد کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ 48

کے کوٹے کی تفصیلات بھی دینا ہوں گی اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق ایف بی آر نے وفاقی سیکرٹریٹ میں سندھ کے کوٹے کے تحت خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگ لی ہیں۔ ایف بی آر نے تمام متعلقہ افسران سے کم جولائی 2026 تک کا ملازمین کا سرکاری ڈیٹا مانگا ہے، مطلوبہ معلومات 27 اکتوبر تک فراہم کرنے کی ڈیڈ لائن دی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میرٹ پر بھرتی ہونے والی خواتین کی تعداد، عہدوں اور 10 فیصد کوٹے کی تفصیلات بھی طلب کی گئی ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اقلیتوں کے 5 فیصد کوٹے، اس کے تحت منظور شدہ، پر اور خالی اسامیوں کی تفصیلات بھی مانگی ہیں۔ سرکلر کے مطابق معذور افراد کے 2 فیصد کوٹے کا ریکارڈ بھی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 49

جانب سے ایل پی جی کی قیمتیں روزانہ مقرر کرنے پر غور کیا جارہا ہے، جس کے سبب سلنڈر 10 ہزار سے تجاوز کرنے کا خدشہ ہے جب کہ اس کا مقصد سردیوں میں گیس نرخ بڑھنے اور ذخیرہ اندوزی روکنا ہے ادھر شمالی علاقوں میں ایل پی جی 750 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، درآمد کنندگان نے موجودہ فارمولے پر نظرثانی کا مطالبہ کیا ہے اور ماہانہ کے بجائے ہفتہ وار یا روزانہ قیمتیں مقرر کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اور ماہانہ کے بجائے ہفتہ وار یا روزانہ قیمتیں مقرر کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ مزید برآں حکومت مائع پیٹرولیم گیس کی قیمتیں مقرر کرنے کے لیے موجودہ ماہانہ نظام کی جگہ روزانہ قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار متعارف کرانے پر غور کررہی ہے۔